ذکرِ خدا		یادِ وطن	
یادِ خدا		شورِ محشر	

(۷۳) واو کا چکر

مقصد: واؤ عطف کی اضافت سے تراکیب بنانا


ھدایت: دائروی جدول میں کچھ الفاظ دیے گئے ہیں اور درمیان میں "واؤ" درج ہے۔ان سے متعلقہ الفاظ نیچے مستطیلی جدول میں دیے گئے ہیں۔دونوں جدولوں سے موزوں الفاظ کو چنئے اور "واو" کی اضافت سے مثال کے مطابق تراکیب بنائیے۔

مثال: دائروی جدول+ مستطیلی جدول= ترکیب


سوال+و + جواب= سوال و جواب

دونوں کھلاڑی ایک ساتھ کھیل شروع کریں۔ہر کھیل کے لیے وقت پانچ منٹ ہر صحیح ترکیب پر دو نمبر اور کھیل جلد مکمل کرنے والے کھلاڑی کو زائد دو نمبر۔

کھیل 1: کھلاڑی الف



کھلاڑی ب




کھلاڑی الف:

غل	گدا	غم	دانہ
جواب	عشرت	شب	متاع


کھلاڑی ب:

غل	گدا	غم	دانہ
جواب	عشرت	شب	متاع

کھلاڑی الف



کھلاڑی ب



کھیل2

شو	خیال	ستم	بر
سرور	غلماں	نیاز	شبنم

شو	خیال	ستم	بر
سرور	غلماں	نیاز	شبنم



(۷۴) اعضا سے محاورے

مقصد: انسانی اعضا سے متعلق محاوروں کی پہچان

ھدایت: دائیں جانب چند جسمانی اعضا کی تصویریں ہیں اور بائیں جانب ادھورے محاورے۔ مثال کے مطابق ان تصویروں کی مدد سے اعضا کے نام لکھنا ہے پھر بائیں جانب کے الفاظ سے جوڑ کر مکمل محاورے بنائے ہیں۔

کھلاڑی: 2　　**وقت:** 8 منٹ　　**نمبر:** 16

مثال:

	الف	ب
	 کا	کنول کھلنا
		کٹ جانا
1		تلے دبانا
2		کھانا
3		پر بٹھانا
4		میں مہندی لگانا
5		تیغ سے جواب دینا
6		چڑھانا
7		قلم کرنا
8		

(۷۵) محاوروں کی دیوار

مقصد: محاوروں کو تلاش کرنا

ھدایت: خانوں میں چھ محاوروں کے الفاظ بکھرے ہوئے ہیں۔ یہ محاورے دو، تین اور چار الفاظ والے ہیں۔ دو کھلاڑی باری باری سے صحیح الفاظ چن کر محاورے کی دیوار بنائیں گے۔

وقت: 6منٹ **نمبر:** 6


کھلاڑی 1	بجانا	خون			1
کھلاڑی 2	آسمان	پک			
کھلاڑی 1	اٹھانا	پینا	کھانا		2
کھلاڑی 2	کان	ہاتھ	کرنا		
کھلاڑی 1	پر	پیلے	جانا	کے	3
کھلاڑی 2	غم	گھونٹ	سر	تالی	

(۷۶) میں کہاں ہوں

مقصد: محاورہ تلاش کرنا

ہدایات: بھول بھلیوں میں ایک محاورہ چھپا ہوا ہے اسے تلاش کیجئے

کھلاڑی:1 وقت:2منٹ نمبر:2




محاورہ ....

(۷۷) محاوروں کی بھول بھلیاں

مقصد: محاوروں کی پہچان

ہدایت: بھول بھلیوں میں چار محاورے پوشیدہ ہیں۔ ان کی مدد سے بھول بھلیوں سے باہر نکلئے۔

کھلاڑی:2　　**وقت:**5 منٹ　　**نمبر:** ایک محاورے کے لئے 2



بھول بھلیوں سے باہر نکالنے والے محاورے:

1

2

3


4

(۷۸) دماغی ورزش

مقصد: محاوراتی جملے کی پہچان

ہدایت: بھول بھلیوں میں ایک محاورے کا جملے میں استعمال ہوا ہے اس جملے کو تلاش کیجئے۔

کھلاڑی:1 **وقت:**3منٹ **نمبر:**5



جملہ ....

(۷۹) گہنے جیسے محاورے

مقصد: محاوروں کا استعمال

ہدایت: صحیح محاوروں کو چن کر عبارت کو مکمل کیجئے۔

کھلاڑی:1 **وقت:**7منٹ **نمبر:**7

بڑی سخت دھوپ تھی چلتے چلتے اسلم تھک سا گیا۔ بھوک سے اس کی.................... گئیں۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا دور دور تک کوئی دکان نہیں تھی۔ پیاس سے.................... پڑ رہے تھے۔ اس نے خشک ہونٹوں پر زبان پھیری اور ایک گھنے پیڑ کے سایے میں بیٹھ گیا پھر وہ اونگھنے لگا، کچھ ہی دیر میں اس کی.................... گئی۔ وہ جاگا تو دن ڈھل چکا تھا اس کے تو.................... گئے۔ "شام تک اپنی منزل پر پہنچنے کی میری آرزو تو.................... گئی اب دیکھتے ہی دیکھتے رات ہو جائے گی۔ لگتا ہے رات یہیں بیٹھے بیٹھے.................... پڑیں گے۔ اس نے حسرت سے سوچا، مگر پھر اس نے ہمت سے کام لیا اور رات تک اپنی منزل پر پہنچنے کے لئے.................... لی۔

﴿ کمر کسنا، ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا، آنتیں قل ہو اللہ پڑھنا، تارے گننا، ناک کٹنا، حلق میں کانٹے پڑنا، خاک میں ملنا، آنکھ لگنا، ہاتھوں کے طوطے اڑنا، کلیجہ ٹھنڈا ہونا ﴾

(۸۰) محاوروں میں جانور

مقصد: جملوں میں محاورہ مکمل کرنا

ھدایت: چند جانوروں کی مدد سے نیچے دیئے گئے محاورے مکمل ہوتے ہیں ان جانوروں کو تلاش کر کے محاوروں کے ساتھ جملے مکمل کیجئے۔

کھلاڑی:1 **وقت:**5منٹ **نمبر:**10

1 رسی کا..................بنانا بڑی بُری بات ہے۔

2 انسان..................دل ہو تو بڑی سے بڑی مصیبت کا سامنا ہمت سے کر سکتا ہے۔

3 پہلوان کو تھوڑے سے چنے کھلانا..................کے منہ میں زیرہ کے برابر ہے۔

4 علیم کے سالانہ امتحانات کا آج آخری دن تھا، گھر لوٹ کر وہ گویا..................بیچ کر سو گیا۔

5 پیٹ میں..................دوڑ رہے ہوں تو کسی کام میں دل نہیں لگتا۔

(۸۱) محاوروں میں پرندے

مقصد: جملوں میں محاورہ مکمل کرنا

ھدایت: چند پرندوں کی مدد سے نیچے دیئے گئے محاورے مکمل ہوتے ہیں ان پرندوں کو تلاش کر کے محاوروں کے ساتھ جملے مکمل کیجئے۔

کھلاڑی:1 وقت:5منٹ نمبر:10

1 طوفانی برسات کی رات تھی، اس پر بجلی چلی گئی تو میرے ہاتھوں کے ....اڑ گئے مگر ماں نے دلاسہ دیا کہ اس میں ڈرنے کی کوئی بات نہیں۔

2 کسی کو..................بنانا اچھی بات نہیں ہے۔

3 ایک زمانے میں میر تقی میر کا..................بولتا تھا۔

4 ہم پکنک پر گئے تھے۔ کچھ تاریخی کھنڈرات بھی دیکھے۔ کسی زمانے کے ان پر رونق مقامات پر آج..................بولتا تھا۔

5 تبریز غضب کا چالاک لڑکا ہے، اڑتی..................کے پر گن لیتا ہے۔

(۸۲) پتھر سے ہیرا

مقصد: بکھرے ہوئے الفاظ سے محاورے بنانا

ھدایت: نیچے کہانی کے انداز میں ایک پیراگراف دیا گیا ہے جس میں سات محاوروں کے الفاظ بھی بکھرے ہوئے ہیں جن کو خط کشیدہ کیا گیا ہے۔ ان الفاظ کو اکٹھا کر کے محاورے بنائیے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 10 منٹ **نمبر:** 14

دن ڈھل چکا تھا، شفق کے سرخ رنگ سے آسمان بڑا خوبصورت لگ رہا تھا۔ میں نے جمن کو آواز دی "ایک کپ چائے لانا" چائے پینے کے بعد بے خیالی میں میرے ہاتھوں سے پیالہ پھسلا اور گر کر ٹوٹ پڑا۔ آنگن کے پیڑ کی ٹہنی پر بیٹھے ہوئے طوطے گھبرائے اور اڑ گئے۔ میں بے دلی سے مسکرائی اور گھر کے اندر چلی آئی۔ بچے ٹیوشن سے کب کے آ چکے تھے اور شور مچا رہے تھے مجھے دیکھ کر چلانے لگے "دیکھو مجھے تنگ نہ کرنا مجھے ایک غزل کہنی ہے قافیہ غلط نہ ہو جائے"۔

"امی کیا آپ کو کوئی غم ہے؟ حنا پوچھنے لگی

"کیوں بیٹا" میں چونکی

"اسماء کہتی ہے کہ جن کو کوئی غم ہوتا ہے وہ شاعری کرتے ہیں"

"ضروری نہیں، مگر شاعری کرنا اتنا آسان بھی نہیں ہے"

کچھ ہی دیر بعد حنا دوبارہ آئی "امی چراغ جلانا ہے نا؟

میں تو گھی کے پراٹھے کھانا چاہتی تھی مگر بجلی چلی گئی"

"غم نہ کرو بے بی، کچھ ہی دیر میں بنا دوں گی"۔


(۸۳) کھیل کھیل میں

مقصد: لغت کی مدد سے الفاظ، محاورے اور کہاوتوں سے متعلق جانکاری

ہدایت: بساط کے ہر خانے پر ایک تا پچیس نمبرات درج ہیں، نمبر 9,5,1اور13 کھلاڑیوں کے "گھر" ہیں، جن میں چاروں کھلاڑی اپنی اپنی گوٹیاں رکھ کر کھیل شروع کریں۔ اگر صرف دو کھلاڑی کھیل رہے ہوں تو مقابل کے گھروں میں دونوں اپنی گوٹیاں رکھیں۔ ہر کھلاڑی کو صرف دو دو گوٹیاں دی جائیں گی۔ لوڈو کے پانسے سے کھیلا جاسکتا ہے۔ یا پھر خود پانسہ تیار کیجئے۔ کسی صابن سے ایک سم کا مکعب کاٹ لیجئے۔ اس کے ہر پہلو پر بالترتیب ایک تا چھے نشانات لگائیے۔ پانسہ پھینکنے پر، جو نمبر پانسے کی اوپری سطح پر ہوگا، اتنے خانے اپنی گوٹی آگے بڑھائیے۔ ساتھ ہی اس خانے پر جو نمبر درج ہے اسے نوٹ کرلیجئے۔ ہر بار پانسے کے نمبر کے مطابق گوٹی آگے بڑھائیے اس طرح نشان زدہ راستے کے ذریعہ مرحلہ نمبر ۲ میں داخل ہو جائیے۔ اسی طرح بڑھتے ہوئے منزل تک پہنچ جائیے۔ راستے میں دوسرے کھلاڑی کی گوٹی نے آپ کی گوٹی کو آلیا تو اسے کھیل کی اصطلاح میں "دبوچنا" کہیں گے۔ "دبوچی" ہوئی گوٹی کو واپس گھر بھیج دیا جائے۔ اور ساتھ ہی سفر کے دوران اس گوٹی سے جو نمبر حاصل ہوئے، وہ سارے منسوخ کردیئے جائیں گے۔ "گھروں" میں گوٹیاں دبوچی نہیں جائیں گی۔

ہر کھلاڑی نوٹ کئے ہوئے نمبرات کی ایک قطعی فہرست تیار کرے۔ یعنی اگر کوئی نمبر دوبارہ آیا ہے تو اسے ایک بار شمار کرلیجئے۔ اس کھیل کے ساتھ ہی الفاظ کی ایک فہرست بھی دی گئی ہے۔ نوٹ کیا ہوا ہر نمبر فہرست کے کسی لفظ، محاورہ یا کہاوت کی نمائندگی کرتا ہے۔ اپنی قطعی فہرست کے نمبرات کے مطابق دیکھئے کہ آپ کو کتنے الفاظ کتنے محاورے اور کتنی کہاوتیں ملی ہیں۔ ہر لفظ کے دو نمبر ہر محاورے کے چار اور ہر کہاوت کے چھے نمبر ہیں۔ اس کے علاوہ ہر کھلاڑی دوسرے کھلاڑی سے اس کے نمبر سے متعلقہ کسی ایک لفظ، محاورہ یا کسی ایک کہاوت سے متعلق اس کا املا یا تذکیر

د تانیث، یا معنی کے بارے میں دریافت کرے گا۔ صرف آدھے منٹ میں فہرست دیکھ کر صحیح جواب دینے پر زائد
۱۰ نمبر ملیں گے۔



لفظوں کی فہرست

1 احتیاج (اح تـ یاج)= حاجت، ضرورت، خواہش

2 اپنا سامنہ لے کر رہ جانا (محاورہ)= شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا

3 باطن (باطن)(مذکر)= پوشیدہ حصہ۔ اندرونی حصہ۔ ضمیر۔ دل

4 بارک اللہ (بارکل لاہ)= اللہ تجھے برکت دے

5 بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے۔ (مثل)
یعنی بے کار بیٹھ کر خرچ کرتے رہیں تو کوئی بھی دولت جائداد ساتھ نہیں دیتی۔

6 پژمردہ (پژمردہ) (صفت)= افسردہ، مایوس، مرجھایا ہوا۔

7 پلکوں سے زمین جھاڑنا (محاورہ)= بے حد عزت کرنا۔ بے حد اطاعت کرنا

8 تعزیت (تع زیت) مونث= پرسا، مرنے والے کے رشتہ داروں سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔

9 جتنی چادر دیکھو اتنا ہی پاؤں پسارو (مثل) = اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔

10 جثہ (جث ثہ)(مذکر)= ڈیل ڈول۔ جسم۔ تن

11 چلچلاتی (چل چلاتی)= بہت تیز۔ نہایت گرم۔ سخت

12 دانت کاٹی روٹی کھانا (محاورہ)= بے حد دوستی

13 دقیانوسی (دق یانوسی) = فرسودہ، پرانا، قدیم

14 ذکاوت (ذکاوت)(مونث)= سمجھنے کی صلاحیت، ذہانت، تیز فہمی۔

15 رسی جل گئی پر بل نہ گیا (مثل) = دولت و عزت گئی لیکن غرور ختم نہ ہوا

16 روئت ہلال، (رو یت ِ لال) = پہلے دن کا چاند نظر آنا

17 زخموں پر نمک چھڑکنا (محاورہ)= تکلیف میں اور تکلیف دینا۔ ستائے ہوئے کو اور ستانا

18 زخار (زخ خار) صفت= موجیں مارتا ہوا۔ بہت شور کرنے والا

19 ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھتا ہے۔ (مثل) ہر شخص اپنی حالت کے مطابق دوسرے کی حالت خیال کرتا ہے۔ایک بار جو کیفیت چھائے ہمیشہ وہی خیال کرے

20 ستم ظریف (صفت)= ہنس ہنس کر ظلم کرنے والا

21 شائع (شاائع) (صفت)= جو چھپ کر جاری ہو چکا ہو۔

22 ضامن (ضامن) (مذکر)= ضمانت دینے والا۔ذمے داری لینے والا

23 طلایہ گردی (صفت) رات کی گشت۔ پہرے کے لئے رات میں گھومنا

24 فرشتوں کو خبر نہ ہونا (محاورہ)= نہایت راز میں رکھنا


25 فرہنگ۔ (فرہنگ) (مونث)= لغت، ڈکشنری، دانائی

(۸۴) بلی دودھ کیسے پیے گی؟

مقصد: الفاظ کو سلسلہ وار ترتیب دے کر جملے بنانا

ھدایت: ایک بلی دودھ پینے کے لئے پریشان ہے۔ دودھ کے برتن تک پہنچنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے اسی راستے میں بکھرے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر ایک جملہ بنایئے اور بلی کو دودھ تک پہنچایئے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 5 منٹ **نمبر:** 5




(۸۵) قلعے سے باہر لائیے

مقصد: با معنی جملہ بنانا

ھدایت: قلعے کے اندر ایک بچّہ موجود ہے۔ وہ کون ہے؟ ایک جملے کا منتر اسے باہر نکال سکتا ہے۔ بکھرے ہوئے حرفوں کو ترتیب دے کر وہ جملہ بنائیے۔

کھلاڑی:1 **وقت:**3منٹ **نمبر:**6



(٨٦) دیکھو سوچو پھر بولو

مقصد: تصویروں کی مدد سے جملے بنانا

ھدایت: کچھ جملے دیئے گئے ہیں جن میں الفاظ کی جگہ تصویریں دی گئی ہیں۔ ان تصویروں کو دیکھ کر مناسب الفاظ بناتے ہوئے عبارت کو دوبارہ لکھیے۔

کھلاڑی:1 **وقت:**5 منٹ **نمبر:**ایک تصویر کے لیے 1

1 تمہارا خرچ تو  دنی سے زیادہ ہے۔


2 کپڑے لانا ہو تو جا  آو۔




3 اس  ب سے ذرا آگے ایک  بھی ہے۔


4 میز   ی پڑا ہے۔


5 اسکول جانے سے پہلے مجھے  ے یاد کرنے ہیں۔

6 تم بر  دے کی طرف جاؤ

7   النساء نے مع ساڑی باندھی ہے۔

8  الدین کی بیٹی  بی نے  بانی کے فرائض انجام دیئے

9 عا  اَ  ہی رہ سے آئے ہیں


10 ہم نے بے  ہی زحمت کی۔ اس نے ہماری  کی۔


(۸۷)　تصویر کو تحریر بنایئے


مقصد: تصویروں اور اشاروں کی مدد سے جملے بنانا

هدایت: دائیں جانب کچھ مشہور علامتیں دی گئی ہیں جو کسی نہ کسی پیغام کو پیش کرتی ہیں۔ بائیں جانب بطور اشارے، خانے میں کچھ الفاظ دیئے گئے ہیں ان میں سے موزوں اشاروں کی مدد سے ہر ایک علامت کے بارے میں دو دو بالکل مختصر جملے پیغام کی صورت میں لکھیے۔

1 

2 

3 

4 

تعلیم بالغاں　　بیمہ

فیملی پلاننگ......

......پیڑ اگانا

سڑک پار کرنا


پٹرول بچانا


(۸۸) کون کس کے لئے ؟

مقصد: تصویر کے مطابق جملوں کی پہچان

ھدایت: تین تصویریں بنی ہوئی ہیں۔ ان کی مناسبت سے جملے بکھرے ہوئے ہیں۔ تین کھلاڑی اس کھیل میں حصہ لیں گے ہر ایک کھلاڑی ایک ایک تصویر کے مطابق پانچ پانچ جملے ڈھونڈے گا۔

وقت: ایک جملے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 1







1	سورج نکلا
2	بچے نے ناشتہ کھایا
3	شبنم کے قطرے خشک ہو گئے
4	اس کے چوزے خوبصورت ہیں
5	بچہ اسکول جا رہا ہے
6	چڑیاں گھونسلوں سے باہر آ گئیں
7	مرغی بہت موٹی ہے
8	بچے ماں کے پیچھے دوڑتے ہیں
9	دانے چگتے ہیں
10	دکانیں سجنے لگیں
11	استاذ پڑھاتے ہیں
12	قومی ترانہ گایا جا رہا ہے
13	رنگ برنگے پھول کھلے ہوئے ہیں
14	ٹن ٹن کی آواز آ رہی ہے
15	ادھر ادھر دوڑتے ہیں پھر ماں کے پاس آجاتے ہیں۔

(۸۹) ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں؟

مقصد: جملہ مکمل کرنے کی مشق

ہدایت: جملوں کی خالی جگہوں میں موزوں الفاظ لکھیے۔

ہر موزوں لفظ کا پہلا حرف دے دیا گیا ہے۔ بس قیاس کیجیے اور لکھیے۔

کھلاڑی:2 وقت:10 منٹ نمبر:10

1 عید کے دن میں نے اپنا نیا شاندار لباس زیب ت.............. کیا۔

2 مجھ کو خود یہ بات پسند نہیں کہ بچپن ہی سے مجھے فلم دیکھنے کی ع.............. پڑ گئی ہے۔

3 محفل میں زبیر نے کسی بات پر فلک ش.............. قہقہہ لگایا تو سب چونک پڑے۔

4 تاج محل دیکھ کر سب کو بڑی ح.............. آمیز خوشی ہوتی ہے

5 ہماچل پردیش کی وادیوں کی خ.............. ریاست جموں و کشمیر کی وادیوں سے ملتی جلتی ہے۔

(۹۰) آپ کا حکم سر آنکھوں پر

مقصد: ہدایت کے مطابق فرمائشی جملے بنانا

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی جملہ کہے گا اور فرمائش کرے گا کہ اس کے جملے کے فلاں لفظ سے ہی جملہ شروع کیا جائے۔ جو بچہ ایک منٹ میں صحیح جملہ کہہ دے گا اسے ایک نمبر ملے گا۔ اب اس بچے کی باری ہو گی کہ کوئی جملہ کہے اور فرمائش کرے۔ اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔

مثال:

کھلاڑی نمبر1: ہماچل پردیش میں بہت خوبصورت قدرتی مناظر ہیں۔

کھلاڑی نمبر2: خوبصورت چیزیں مجھے بہت پسند ہیں۔

کھلاڑی نمبر3: پسند ناپسند کی بات نہیں، میں اس بات کا عادی نہیں ہوں۔

کھلاڑی نمبر4: عادی نہیں ہیں تو کیا ہوا ہماری خاطر برداشت کر لیجئے۔

کھلاڑی نمبر5: برداشت کا مادہ ہر ایک میں نہیں ہوتا۔

کھلاڑی نمبر6: ایک دن میں نے چڑیا کا ایک بچہ دیکھا جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا تھا۔

کھلاڑی نمبر7: ماں جیسی نعمت اور کوئی نہیں، مامتا سب سے بڑی دولت ہے۔

کھلاڑی نمبر8: دولت سے ہر چیز خریدی نہیں جا سکتی۔

کھلاڑی نمبر9: چیز کوئی بھی ہو خریدنے سے پہلے یہ ضرور دیکھ لینا چاہئے کہ اچھی ہو۔

کھلاڑی نمبر10: ضرور ضرور آپ بلائیں ہم نہ آئیں، ضرور آئیں گے جناب۔

(۹۱) جملوں کی خاص زنجیر

مقصد: ہدایت کے مطابق جملے بنانا

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی جملہ کہے گا دوسرا بچہ اس جملے کے آخری لفظ کے پہلے حرف سے کوئی جملہ کہے گا تیسرے بچے کو دوسرے بچے کے جملے کے آخری لفظ کے پہلے حرف سے جملہ بنانا ہو گا اس طرح جملوں کی زنجیر کا کھیل جاری رہے گا۔

وقت: ایک جملے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 2 نمبر

مثال:

کھلاڑی نمبر 1: کل ہم نے چڑیا گھر میں بہت سے جانور دیکھے۔

کھلاڑی نمبر 2: دلشاد کے پاس بہت اچھی گڑیا ہے۔

کھلاڑی نمبر 3: ہو گی، میرا گڈا بھی بہت اچھا ہے جسے چابی بھر دو تو تالی بجائے۔

کھلاڑی نمبر 4: بندر بھی تو ہے تمہارے پاس

کھلاڑی نمبر 5: پنچھی بھی ہے جو پر پھیلاتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 6: ہاں اور گڈو کے ابو اس کے لیے کہانیوں کی بہت سی کتابیں لائے ہیں جن میں سے ایک کا نام ہے جادوگر۔

کھلاڑی نمبر 7: جب بھی ٹرین پل پر سے گزرتی ہے مجھے اچھا لگتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 8: ہاتھی پر ایک بار میں بیٹھا تھا بہت مزہ آیا۔

کھلاڑی نمبر 9: آئینہ نازک ہوتا ہے ٹوٹ جائے گا۔

کھلاڑی نمبر 10: گلہری کو پھل بہت پسند ہے۔

(۹۲) کہیے کہیے خوب کہیے

مقصد: الفاظ کے مکرر استعمال والے جملے بنانا

ھدایت: ایک کھلاڑی ایک ایسا جملہ بولے گا جس میں کسی لفظ کا بیک وقت مکرر استعمال ہوا ہو گا اس کے جواب میں دوسرے کھلاڑی کو ایسا جملہ بنانا ہو گا جس میں پہلے کھلاڑی کے جملے کے مکرر استعمال کئے ہوئے الفاظ بھی ہوں اور اس قسم کے نئے الفاظ بھی۔ اسی طرح اس سلسلے کو آگے بڑھانا ہو گا۔

کھلاڑی: 2یا2سے زیادہ **وقت:** ایک جملہ کے لیے 2منٹ **نمبر:** ایک جملے کے لیے 2

مثال:

کھلاڑی نمبر 1: میں چاہتی تھی کہ ڈاکٹر بنوں مگر میرا خواب چور چور ہو گیا۔

کھلاڑی نمبر 2: تمہارا تو خواب ہی چور چور ہوا۔ بچپن میں ہی ماں کو کھو کر میرے دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔

کھلاڑی نمبر 3: دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں تو جینا دشوار ہو جاتا ہے مگر اللہ اللہ رے تمہارا صبر۔

کھلاڑی نمبر 4: اللہ اللہ کیا نظارہ تھا گویا بوند بوند سے تالاب بن رہا تھا۔

کھلاڑی نمبر 5: بوند بوند سے تالاب بنے اور پھر ایک دن اچانک سوکھ جائے تو دل خون خون ہو جاتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 6: دل کے خون خون ہونے سے بڑھ کر کوئی المیہ نہیں مگر واہ واہ ہم تمہاری ہمت کی داد دیتے ہیں۔

(۹۳) موتی چنیے مالا بناتے جایئے

مقصد: ہدایت کے مطابق جملے مکمل کرنا اور نیے جملے بنانا

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ مثال کے مطابق ایک بچہ کوئی جملہ کہے گا پھر وہی بچہ ایک ایسا جملہ کہے گا جس میں پہلا لفظ موجود نہیں۔ دوسرے بچے کو پچھلے جملے سے اس موزوں لفظ کا انتخاب کر کے جملہ مکمل کرنا ہوگا پھر دوسرا بچہ اپنے ہی جملے کے کسی لفظ سے شروع ہونے والا کوئی جملہ دے گا مگر اس جملے کے پہلے اور موزوں لفظ کی نشاندہی تیسرے بچے کو پچھلے جملے سے کرنی ہوگی اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔

وقت: 1 منٹ جملہ مکمل کرنے کے لیے
1 منٹ جملہ بنانے کے لیے

نمبر: 1 نمبر جملہ مکمل کرنے کے لیے
1 نمبر جملہ بنانے کے لیے

مثال:

پہلا بچہ: صرف کھیلوں میں زندگی نہیں گزارنی چاہیے
.... میں کچھ اہم کام بھی کر جانے چاہئیں۔

دوسرا بچہ: زندگی، یعنی
زندگی میں کچھ اہم کام بھی کر جانے چاہئیں۔
.... کروگے تو صحت اچھی رہے گی اور یہی سب سے بڑی دولت ہے۔

تیسرا بچہ: کام، یعنی
کام کروگے تو صحت اچھی رہے گی اور یہی سب سے بڑی دولت ہے۔
.... ہو تو خوشی بھی ہے اور سکون بھی۔

چوتھا بچہ: صحت، یعنی
صحت ہو تو خوشی بھی ہے اور سکون بھی۔
..........کی اہمیت غم کے بغیر پوری طرح محسوس نہیں کی جاسکتی۔

پانچواں بچہ: خوشی، یعنی
خوشی کی اہمیت غم کے بغیر پوری طرح محسوس نہیں کی جاسکتی۔
..........سے نفرت کروگے تو زندگی دشوار ہو جائے گی، زندگی صرف پھولوں کی سیج نہیں۔

چھٹا بچہ: غم، یعنی
غم سے نفرت کروگے تو زندگی دشوار ہو جائے گی زندگی صرف پھولوں کی سیج نہیں۔
..........سے نفرت کرو تو قابل تعریف بات ہے۔

ساتواں بچہ: نفرت، یعنی
یعنی نفرت سے نفرت کرو تو قابل تعریف بات ہے۔

(۹۴) کبھی گڈا کبھی گڑیا

مقصد: پچھلے جملے کے آخری لفظ کا مذکر یا مونث بنا کر نیا جملہ بنانا

ہدایت: ایک کھلاڑی کوئی جملہ بولے گا اس جملے کا آخری لفظ مذکر ہو تو دوسرا کھلاڑی اس کے مونث سے اپنا جملہ شروع کرے گا یا مونث ہو تو اس کے مذکر سے اپنا جملہ شروع کرے گا۔ اسی طرح تیسرا کھلاڑی دوسرے کھلاڑی کے جملے کے آخری لفظ کو لے گا اور اس کے مذکر یا مونث سے جملہ بنائے گا۔

نوٹ: ضروری نہیں کہ جملوں میں مکالموں کا رنگ یا تسلسل ہو۔

کھلاڑی: 2 یا 2 سے زیادہ　　وقت: ہر جملے کے لیے 1 منٹ　　نمبر: ہر جملے کے لیے 2

مثال:

کھلاڑی نمبر 1: آج کے زمانے میں اکثر لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان کی بس ایک اولاد ہو اور وہ بھی بیٹا

کھلاڑی نمبر 2: بیٹی ہو یا بیٹا کیا فرق پڑتا ہے محترم

کھلاڑی نمبر 3: محترمہ چاہتی ہیں کہ آج میں اور میری بیگم چڑیا گھر جائیں اور دیکھیں سفید شیر۔

کھلاڑی نمبر 4: شیرنی بھی تو ہوگی، بھئی ہم کو اب اجازت دو آج آرہی ہیں ہماری سالیاں۔

کھلاڑی نمبر 5: سالے نہیں آرہے ہیں اور سسر؟

کھلاڑی نمبر 6: ساس ماں صاحب کی طبیعت ٹھیک نہیں، آج تم کیا کرو گے حامد بھائی۔

کھلاڑی نمبر 7: بہن کے گھر جاؤں گا بہت بیمار ہے ان کا بچہ۔

کھلاڑی نمبر 8: بچی بھی تو ہے ان کی، ویسے کل کتنے ہیں ان کے بچے۔

کھلاڑی نمبر 9: بچیاں دو اور ایک بیٹا۔

کھلاڑی نمبر 10: بیٹی تو بہت ذہین ہے اور بیٹا بھی کم نہیں۔

(۹۵) میٹھے بول

مقصد: دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خوبصورت جملے بنانا

ھدایت: اس کھیل میں تین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ جدول کے ایک خانے سے الفاظ لے کر پہلا کھلاڑی ایک جملہ کہے گا دوسرا کھلاڑی اس جملے کی مشابہت میں دوسرا جملہ کہے گا اور تیسرا کھلاڑی دونوں جملوں کی مشابہت سے تیسرا جملہ بنائے گا۔ مثال کے مطابق جملے بنایئے۔

وقت: ایک جملے کے لیے 1 منٹ　　**نمبر:** ایک جملے کے لیے 2

مثال:

آسمان
نیلا

پہلا کھلاڑی: آسمان نیلا ہے

دوسرا کھلاڑی: اس کی آنکھیں نیلی ہیں

تیسرا کھلاڑی: اس کی آنکھیں آسمان کی طرح نیلی ہیں۔

1	2	3	4	5	6
جھیل	موتی	شہد	مکھن	ریشم	گلاب
گہری	چمکدار	میٹھا	ملائم	چمکیلا	سرخ

(۹۶) جملہ بازی

مقصد: چھوٹے جملے کو بڑے جملے کا حصہ بنا کر نیا جملہ بنانا۔

ھدایت: پہلا کھلاڑی ایک جملہ کہے گا۔ دوسرا کھلاڑی مثال کے مطابق نیا جملہ بنائے گا۔ باری باری سے یہ کھیل جاری رہے گا۔

کھلاڑی: 2 **وقت:** ایک جملے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** 2

مثال:

پہلا کھلاڑی: لڑکی ناچ رہی ہے۔

دوسرا کھلاڑی: جو لڑکی ناچ رہی ہے میری سہیلی ہے۔

نوٹ: مختلف شرائط کے ساتھ یہ کھیل دو ٹیموں کے درمیان بھی کھیلا جا سکتا ہے۔

(۹۷) سکے کے دو رخ

مقصد: مصرعوں میں ذو معنی الفاظ کا استعمال

ھدایت: کوئز کے طور پر کھیلیے۔ نیچے دو دو مصرعوں کے دس جوڑے دیے گئے ہیں جن کے آخری لفظ چھوڑ دیے گئے ہیں۔ مثال کے مطابق ذو معنی لفظ کے ذریعے انہیں مکمل کیجیے۔

ہر ٹیم کو دو منٹ میں جواب دینا ہوگا۔ جواب نہ دینے کی صورت میں وہی مصرعے دوسری ٹیم کو دیے جائیں گے۔ اس ٹیم کو ایک منٹ میں جواب دینا ہوگا۔ ہر صحیح جواب پر 4 نمبر۔

مثال:

کیسی اچھی نوکری چھوٹی یہ ہیں میرے بھاگ

بھاگ بہ معنی قسمت

جان کا خطرہ یہاں بہت ہے اب تو یہاں سے بھاگ

بھاگ بہ معنی نکل چل

-1 کتنا خوبصورت ہے تمہارا
چاہے کتنی بھی مشکل آئے کبھی نہ مانو

-2 جب بھی مانگ خدا سے
بیٹی نکال تو سیدھی

-3 بچے نے یہ اونٹ سے پوچھا
بتادے تیری کون سی سیدھی

-4 توبہ کرو اور پکڑو
کمر کسو اور کھودو

-5 کل اتوار تھا آج ہے
کل میرے گھر پر آئے

-6 چھت گری ٹوٹی
بنی زنجیر کڑی در

-7 شکاری نے پھینکا ہے ایسا وہ
کہ نیچے پرندے لیا ان کا

-8 سوکھی تلیا ندی
وہ پانی بھرن کو چلی

-9 نہیں دوست ہے وہ آستیں کا
چھوڑ مت یار تو اب اس کو

-10 وہ بنگال کا رہنے والا، یہ پنجاب کا
میں نہیں کھاؤں گا یہ روٹی، یہ روٹی ہے

(۹۸) چھپا ہوا پیغام

مقصد: الفاظ کی تصحیح کر کے جملوں کی پہچان

ھدایت: مثال کے مطابق نیچے دیئے گئے جملوں میں غیر ضروری حروف کو نکال کر جملوں کو درست کیجئے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 2 منٹ **نمبر:** 4

مثال:

بے مواقع احیا باعثا محروامی ہے

بے موقع حیا باعث محرومی ہے

1 **فلفاں وقفت پغر مصجو سفے رفیلویفے اسفتفیشفن مفے مفلیفے**

2 **گھجر سجے وجور گھجر کجی سھجو لجتیں پجلنجی مجوں**

تجو ھمجارجے ھجو ثجل تشجریف لجائجیے

(۹۹) باتوں باتوں میں

مقصد: موضوع سے متعلق جملوں کی پہچان

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ مثال کے مطابق کسی بھی دلچسپ موضوع کو لے کر ایک کھلاڑی ایک جملہ بولے گا اس کے فوراً بعد دوسرے پھر تیسرے، چوتھے وغیرہ کھلاڑی کو اسی موضوع پر مختلف جملے کہتے جانا ہے اس طرح کہ ایک بامعنی گفتگو بن جائے۔

اجتماعی کھیل: جو کھلاڑی فوراً ایسا کوئی جملہ کہہ نہیں پائے گا وہ اس کھیل سے باہر ہو جائے گا۔

وقت: ہر جملے کے لیے آدھا منٹ نمبر: ہر جملے کے لیے 2

مثال:

کھلاڑی نمبر 1: بھوک سے کچھ کم غذا کھاؤ گے تو صحت مند رہو گے۔

کھلاڑی نمبر 2: ہاں یہ بات تو سب جانتے ہیں مگر عمل کوئی نہیں کرتا، تبھی بیمار پڑتے ہیں۔

کھلاڑی نمبر 3: بیمار پڑنا بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے، خدا ہر ایک کو اس تکلیف سے بچائے۔

کھلاڑی نمبر 4: ہاں اور دوائیں کیسی کڑوی ہوتی ہیں اف مجھ سے تو بالکل پی نہیں جاتیں۔

کھلاڑی نمبر 5: میری بھی یہی کیفیت ہوتی ہے، دوا کی بہ نسبت انجکشن لگوانا مجھے زیادہ آسان لگتا ہے۔

کھلاڑی نمبر 6: بیمار ہو کر دوا یا انجکشن لینے سے بہتر ہے کہ ہم بیماری ہی سے بچیں۔

کھلاڑی نمبر 7: میں بھی صحت ہی کو دولت سمجھتا ہوں، انسان تندرست نہ ہو تو سب کچھ بے کار ہے۔

کھلاڑی نمبر 8: اور صرف بیماری سے بچنا تندرستی نہیں ہے، موٹاپے سے بھی بچنا چاہیے۔

کھلاڑی نمبر 9: چربی دار اور روغنی غذائیں کم سے کم استعمال کر کے ورزش کی پابندی کی جانی چاہیے۔

کھلاڑی نمبر 10: تازہ پھل اور سبزیوں کا استعمال بھی تو ہونا چاہیے۔

کھلاڑی نمبر 11: پاک وصاف ہوا اور روشنی کا گھر میں آنا بھی ضروری ہے۔

(۱۰۰) "ہیلو ہیلو......! 

مقصد: گفتگو میں مناسب جملوں کا استعمال

ھدایت: یہاں ٹیلی فون پر ہونے والی گفتگو کا صرف ایک حصہ دیا گیا ہے یعنی صرف ایک شخص کے جملوں کو دیا گیا ہے اسے غور سے پڑھ کر دوسرے شخص کے متوقع جملوں کو خانوں میں لکھیے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 10 منٹ **نمبر:** 10

"ہیلو! ارے بھئی سلیم کیسے ہو تم؟ تمہارے امتحانات تو اب تک ختم ہو چکے ہوں گے، ابھی تک اپنے وطن کیوں نہیں آئے؟ ہم سب تمہارا انتظار کر رہے ہیں"۔

1

"یہی ہوتا ہے جب امتحانات کے قریب رات دن دماغی محنت کی جائے، ڈاکٹر کو تو دکھالیا نا؟"

2

"تو پھر تم فی الحال آرام ہی کرو، ابھی سفر کرنے کی ضرورت نہیں"

3

"نہیں نہیں، ابھی ہم کہیں گھومنے نہیں جائیں گے فکر نہ کرو تمہارے بغیر لطف بھی تو نہیں آئے گا"۔

4

"اچھا ٹھیک ہے۔ میں تمہارے گھر میں تمہاری علالت کا ذکر نہیں کروں گا بس تم ٹھیک ہو جاؤ اور خط سے اطلاع دو"

5

"کیوں نہیں، ضرور ہم سب اسٹیشن آئیں گے تمہیں لینے۔

اب اجازت دو خدا حافظ۔

(۱۰۱) چیز کیسی ہے؟

مقصد: اشتہاری زبان کا استعمال

ھدایت: ایک کمپنی نے اپنے کچھ سامان کا اشتہار دیا ہے لیکن ہر اشتہار میں کچھ الفاظ چھوٹ گئے ہیں، دو کھلاڑی باری باری سے جدول میں دیئے گئے الفاظ میں سے موزوں الفاظ چن کر اشتہار کو مکمل کریں گے۔ ایک اشتہار کے لیے 3 منٹ اور 5 نمبر۔

1 ہمارا صابن: سفیدی کا شاندار..............................
..............................لائیے..............................

2 ہماری کار: نرم نرم..............................پر بیٹھیے..............................جائیے۔
شہر کی..............................کیجئے جلد آئیے۔

3 کھانے کا تیل: کھانا بنائیے..............................حلوہ..............................لڈو..............................

4 ہمارا پینٹ: ....کی رونق بڑھائے گا
..............................پہ یہ..............................جمائے گا۔

5 ہمارا شربت: ....کو تازگی بخشے اور پیاس بجھائے
دے..............................سے چھٹکارا..............................کو نکھار بھی بخشے

6 ہمارا دنت منجن: دانتوں کی کرے..............................
..............................میں بھرے محبت
کھلکھلاتے چہروں کی
ہر گھڑی بڑھائے..............................

کھو	سانسوں	پانی	گھر	گرمی	سردیوں	اچار	آزمائیے
سالن	طبیعت	رونق	لذت دار	شام	دیواروں	موسم	سیر
گھر	روح	تعبیر	حفاظت	گدوں	آسمان	رنگ	کرشمہ

(۱۰۲) جو چاہے لے لیجیے

مقصد: چیزوں کی خصوصیات بتانے والے جملوں کی پہچان

ھدایت: یہاں ایسے دس جملے دیے گئے ہیں جن میں کسی نہ کسی چیز کی خصوصیت اشتہاروں کی زبان میں بتائی گئی ہے۔ان پر غور کر کے متعلقہ چیز کا نام لکھیے۔

کھلاڑی:2 وقت:5منٹ نمبر: 10

1 گرمیاں آگئیں مگر پریشان نہ ہویئے، چھت کا.................. چلایئے کمرے میں راحت پایئے۔

2 ....لے جایئے۔ گھر بیٹھے رنگین دنیا کی سیر کیجیے۔

3 ....خریدیے اور تازگی اور ٹھنڈک کا لطف لیجیے۔

4 سجنے سنورنے اور اپنا خوبصورت عکس دیکھ کر عش عش کرنے کے لیے
..................میز ہمارے یہاں سے خریدیے

5 آرام دہ..................سٹ یہاں سے لیجیے، خود بھی آرام پایئے مہمانوں کو بھی لطف لینے دیجیے۔

6 فوم کے نہایت آرام دہ..................کے لیے ہماری دکان مشہور ہے آج ہی آیئے۔

7 چھ کرسیوں والی جدید ڈیزائن کی کھانے کی..................ہمارے یہاں سے لے جایئے۔

8 ٹی وی کے پروگراموں پر انحصار کیوں؟..................خریدیے من چاہی کیسیٹ لگایئے اور لطف پایئے۔

9 ہماری..................آپ کو پل بھر میں مسالہ تیار کر دے گی
مفت عملی مظاہرے کے لیے کسی بھی دن ہماری دکان پر تشریف لایئے۔

10 گرما میں سرما کا سا لطف پایئے..................خریدیے سارے گھر کو ٹھنڈا رکھیے۔

(۱۰۳) ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں

مقصد: کارٹونوں سے متعلق بیانات کی پہچان

ھدایت: یہاں چار کارٹون دیئے گئے ہیں اور چار بیانات ان بیانات کو غور سے پڑھ کر یہ بتایئے کہ کونسا بیان کس کارٹون سے مناسبت رکھتا ہے۔

کھلاڑی:2 وقت:2منٹ نمبر:4


1 یہ جانوروں کے تحفظ کا ہفتہ ہے!


2 آج سرکاری چھٹی ہوگی یا نہیں؟

3 اس کا شوہر وزیر برائے خاندانی بہبود ہے!


4 وہ کمیٹی برائے ماحولیات کی صدر ہے!











(۱۰۴) تقریر کا فن

مقصد: تقریروں کے مطابق نعروں کی پہچان

ھدایت: (الف) کے تحت چند نعرے دیئے گئے ہیں اور (ب) کے تحت چند تقاریر کے موضوعات۔
تیروں کے نشانات (Arrow Marks) کے ذریعے یہ بتایئے کہ کونسا نعرہ کس تقریر سے لیا گیا ہے۔
یہ کھیل انفرادی طور پر کھیلا جاسکتا ہے۔

کھلاڑی :1 وقت:5 منٹ نمبر:5

	(الف)		(ب)
1	ایک مسکراہٹ کے جادو سے ہزار غم غائب	1	شیریں بیانی اور انسان دوستی پر تقریر میں
2	بچوں سے نہ بولو جھوٹ ان میں آجائے گا کھوٹ	2	فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف تقریر میں
3	نوجوان ملک کی طاقت ہیں	3	خوش مزاجی اور انسان دوستی پر تقریر میں
4	میٹھا کھاؤ میٹھا بولو کبھی کسی کا دل نہ توڑو	4	بچوں کی تربیت پر تقریر میں
5	ڈرے خدا سے جو انسان وہ نہ بنے کبھی حیوان	5	اسکول ڈے کے موقع پر وزیر کی تقریر میں

(۱۰۵) صحیح جگہ بتایئے نمبر بڑھایئے

مقصد: محکموں کے مطابق نعروں کی پہچان

ھدایت: یہاں دس نعرے دیئے گئے ہیں اور دس محکموں کے نام۔
یہ بتایئے کہ کون سا نعرہ کس محکمے یا دفتر کے لیے نہایت موزوں ہے۔

کھلاڑی:2 وقت:5منٹ نمبر:10

1	آج کی بچت کل کی مسکراہٹ	1	ریلوے اسٹیشن میں
2	علاج سے بہتر احتیاط	2	نرسری اسکول کے دفتر میں
3	پیڑ اگاؤ خود کو بچاؤ	3	بینک میں
4	سماجی خدمت اپنی خدمت	4	کاغذ کے کارخانے میں
5	جینا ہر جاندار کا حق ہے اسے نہ چھینئے۔	5	محکمۂ ماحولیات میں
6	جانوروں کو نہ ستایئے بس دیکھیے آگے بڑھ جایئے	6	ہیلتھ سنٹر میں
7	بوند بوند سے بنے تالاب	7	محکمۂ سماجی خدمات میں
8	آج کے بچے کل کے ملک کا سرمایہ	8	چڑیا گھر میں
9	کاغذ ضائع نہ کروگے تو درخت کم کٹیں گے	9	محکمۂ جنگلات میں
10	سفر میں سامان کم تو راحت زیادہ	10	بیمہ کمپنی کے دفتر میں



(۱۰۶) نام بتاؤ کہاوت پاؤ

مقصد: کہاوتوں کی پہچان


ہدایت: دیئے گئے جملوں میں تصاویر کی جگہ الفاظ لکھ کر کہاوتیں مکمل کیجئے۔

 کا تیل جلے۔  چی کا باپ مرے

ثابت نہیں   کا ارمان

جو  میں ہوگا وہی  میں نکلے گا

خدائی خوار 

 کو  کیا ہے

(۱۰۷) تصویر دیکھئے لفظ سوچئے

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

ھدایت: یہاں دس کہاوتیں دی گئی ہیں جن میں کچھ الفاظ نہیں ہیں نیچے ان الفاظ کی تصویریں ہیں۔ ان تصویروں کی مدد سے کہاوتوں کی خالی جگہوں سے میں صحیح الفاظ لکھئے۔

جو کھلاڑی دس منٹ میں تمام کہاوتوں کے صحیح الفاظ لکھے گا وہ پورے بیس نمبروں کا حقدار ہو گا۔

کھلاڑی:2 **وقت:10 منٹ** **نمبر:20**

1 ایک .... وہ بھی گندا

2 .... پر خاک ڈالنے سے خاک نہیں پڑتی۔

3 .... نکل گیا لکیر پیٹا کر

4 سدا کاغذ کی .... نہیں چلتی۔

5 کسی کا .... جلے اور کوئی تاپے


6 مار د گھٹنا پھوٹے ....

7 آپ ہی کی .... کا صدقہ ہے

8 .... کھانے سے کام یا .... گننے سے

9 .... میں جوتی نہ سر پر ....

10 .... سے دیکھا نہ کبھی .... سنا



(۱۰۸) کہاوتوں میں عدد کا کھیل

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔ ایک کھلاڑی ایک ایسی کہاوت کہے گا جس میں ایک یا دو کے عدد آئے ہوں دوسرے کھلاڑی کو اسی عدد والی کوئی کہاوت کہنی ہو گی پھر تیسرے کھلاڑی کی باری ہو گی اسی طرح یہ سلسلہ چلے گا۔
جو کھلاڑی مقررہ وقت میں ایسی کوئی کہاوت کہہ نہیں پائے گا اسے کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

کھلاڑی: 6 یا زیادہ　　**وقت:** 6 منٹ　　**نمبر:** ہر کہاوت کے لیے 3

مثال:

ایک جنگل میں دو شیر نہیں رہ سکتے......
ایک اور ایک گیارہ......
ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں......
ایک کرے دس بھریں......
ایک انار سو بیمار......
ایک چپ کی دو دوائیں ہیں......

(۱۰۹) سب میں ایک

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

ہدایت: یہاں دی گئی دس نامکمل کہاوتیں ایک جانور کا نام لکھنے پر مکمل ہو سکتی ہیں وہ نام لکھ کر کہاوتیں مکمل کیجئے

کھلاڑی: 1 وقت: 5 منٹ نمبر: 10

1 ....بلبلا تا ہی لد تا ہے۔

2 ....جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے اپنے سے اونچا کسی کو نہیں جانتا۔

3 ....رے.................. تیری کونسی کل سیدھی۔

4 ....کے منہ میں زیرا۔

5 ....دیکھیں کس کروٹ بیٹھتا ہے۔

6 ....فرشتے کی ذات ہے۔

7 ....کی پکڑ اور عورت کے مکر سے خدا بچائے۔

8 ....کی پکڑ کتے کی جھپٹ۔

9 ....جب بھاگتا ہے تو پچھم کو۔

10 ....سستا ہے پٹا مہنگا ہے۔

(۱۱۰) اشاروں اشاروں میں

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

هدات: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے۔(الف) کے تحت کہاوتیں دی گئی ہیں (ب) کے تحت ان کے مفہوم۔ کہاوتوں کو ان کے صحیح مفہوم یعنی مطلب سے جوڑ کر متعلقہ نمبر خانوں میں لکھیے۔

وقت: 5 منٹ **نمبر:** 10


	(الف)		(ب)
1-	نیکی اور پوچھ پوچھ	1-	اپنی جگہ ہر کوئی بہادر بنتا ہے
2-	ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی	2-	انسان خود اچھا ہو تو دنیا اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے
3-	اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے	3-	نیک کام کرنے کے لیے مشورہ کی کیا ضرورت
4-	آپ بھلے جگ بھلا	4-	محبت یا عداوت دونوں طرف سے ہوتی ہے
5-	اپنے منہ میاں مٹھو	5-	کمینے دوست سے ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے
6-	الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے	6-	زبردستی کرنے والا زیادہ حاصل کر لیتا ہے
7-	بڑے بول کا سر نیچا	7-	اپنی تعریف خود کرنا
8-	بندر کی دوستی جی کا جنجال	8-	خود غلطی کرے اور رعب دوسرے پر ڈالے
9-	جس کی تیغ اس کی دیگ	9-	شیخی بگھارنے والا شرمندہ ہوتا ہے
10-	جو بوؤ گے وہی کاٹو گے	10-	جو جیسا کام کرے گا ویسا ہی بدلہ پائے گا

(۱۱۱) دروازے کھولتے جایئے

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

ھدایت: کھلاڑیوں کو منزل تک پہنچنے کے لیے چار چار دروازے کھولنے ہیں۔ دائروں کے خانوں کے بے ترتیب الفاظ کو ترتیب وار کر کے کہاوت بناتے جایئے اور دروازے کھولتے جایئے۔

کھلاڑی:2 وقت:4 منٹ نمبر: ایک کہاوت کے لیے 2




کہاوتیں

1

2

3

4



کہاوتیں

1

2

3


4

(۱۱۲) کہاوتوں کا دائرہ

مقصد: کہاوتوں میں الفاظ کے استعمال کی پہچان

ھدایت: اس دائرے کے ہر خانے میں ایک ایک ایسی کہاوت دی گئی ہے جس کے کسی دو الفاظ میں معنوی مناسبت ہے۔ ان الفاظ کو الگ کر کے نیچے دیئے گئے جدول میں لکھئے۔

کھلاڑی :2 وقت:4 منٹ نمبر:7




مثال: ہانڈی ڈوئی							

(۱۱۳) عضو سے کہاوت تک

مقصد: اعضا والی کہاوتوں کی پہچان


ھدایت: یہاں چند انسانی اعضا کی تصویریں دی گئیں ہیں اور چند کہاوتیں جن میں ایک ایک لفظ چھوٹا ہوا ہے۔ غور کر کے بتایئے کہ کس کہاوت سے کونسا عضو غائب ہے؟

کھلاڑی: 1 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 5











1 ....سے نکلی کوٹھوں چڑھی

2 ہاتھوں سے کھلے تو..................کیوں لگائے

3 ....نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ

4 ....چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی


5 ....پالنا کتا بھی جانتا ہے

منزل (۱۱۴)

مقصد: کہاوتوں کی پہچان

ھدایت: ان دائروں میں منزل تک پہنچنے کے لئے تین دروازے کھولنے ہیں۔ یعنی پانچ میں سے صرف تین دائروں میں ایسے الفاظ بکھرے ہوئے ہیں جن کو ترتیب دینے سے کہاوتیں بنتی ہیں۔ انہیں پہچانیے اور کہاوتیں بنا کر دروازے کھول کر منزل پائیے۔

کھلاڑی:1 **نمبر:3**



1

2

3

(۱۱۵) دوست بھی دشمن بھی

مقصد: کہاوتوں کے الفاظ میں اضداد کی پہچان

ھدایت: نیچے دی گئی ہر کہاوت سے ایسے الفاظ الگ کر کے ان خانوں میں بھریے جو ایک دوسرے کی ضد ہوں۔

کھلاڑی:2 **وقت:**8 سیکنڈ **نمبر:**16

1 شام کا بھولا صبح کو گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔

2 رات دن شیر کا سامنا ہے۔

3 کتے کے پاؤں جا اور بلی کے پاؤں آ

4 آج جو کرنا ہے کر لے، کل کی کل کے ہاتھ ہے

5 گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری

6 تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

7 جھوٹے کا منہ کالا سچے کا بول بالا

8 اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا

(۱۱۶) کیا کہنا ہے کب کہنا ہے؟

مقصد: کہاوتوں اور ان کے معنوں کی پہچان

ہدایت: دو ٹیمیں یہ کھیل کھیلیں گی۔ استاد ریفری کے فرائض انجام دیں گے۔ ریفری کی طرف سے ایک کہاوت ایک ٹیم کو دی جائے گی وہ کہاوت کا مطلب بتائے گی۔ پھر دوسری ٹیم کو دوسری کہاوت دی جائے گی۔

وقت: ایک کہاوت کے مطلب کے لیے 2 منٹ   **نمبر:** ایک کہاوت کے مطلب کے لیے 5

ریفری کی طرف سے دی جانے والی چند مشہور کہاوتیں

1 چاند پر خاک ڈالنے سے خاک نہیں پڑتی

2 آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک

3 ڈھائی دن کی بادشاہت

4 اندھا راجہ چوپٹ نگری   وغیرہ وغیرہ


نوٹ: یہ کھیل دو ٹیموں کے درمیان اس طرح بھی کھیلا جاسکے گا ایک ٹیم دوسری ٹیم کے کسی خاص کھلاڑی سے کسی کہاوت کا مطلب پوچھے گی اگر وہ کھلاڑی صحیح جواب دے گا تو اس ٹیم کو 5 نمبر ملیں گے اگر اس کھلاڑی کی بجائے اسی ٹیم کا کوئی دوسرا کھلاڑی جواب دے گا تو اس ٹیم کو 5 کی بجائے 3 نمبر ملیں گے۔ پھر دوسری ٹیم کی باری ہوگی۔

(۱۱۷) مجھے تلاش کیجئے

مقصد: کہاوت اور اس کے معنی کی پہچان

ہدایت: بھول بھلیوں میں ایک کہاوت سے متعلق جملے استعمال ہوئے ہیں۔ ان جملوں کو ڈھونڈ کر ان کے ساتھ کہاوت بھی لکھئے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 6




(۱۱۸) کس کی جگہ کہاں ہے؟

مقصد: کہاوتوں اور ان کے معنوں کی پہچان


ہدایت: یہاں دس کہاوتیں اور ان کی وضاحتیں دی گئی ہیں انہیں ایک دوسرے سے جوڑیں۔10اشرفیاں لیں اور کوٹلوں پر قہر۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** ایک کہاوت کے لیے 2 منٹ **نمبر:** ایک کہاوت کے لیے 2


نوٹ: جو کہاوت جس گھر میں ہونی چاہیے اس گھر کے دروازے پر اس کا نمبر لکھ دیا جائے




1 سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے



2 اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی



3 کام کا نہ کاج کا من بھر اناج کا



4 دودھ کا جلا چھاچھ بھی پھونک کر پیے

5	الٹے چور کو توال کو ڈانٹے	E — کھانے میں سب سے اول مگر کام میں سست اور کاہل
6	نیکی اور پوچھ پوچھ	F — بات بھی رہ جائے اور کام بھی بن جائے یا نقصان بھی نہ ہو اور دشمن بھی مر جائے
7	بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی	G — جہاں پچھلے تجربات کی روشنی میں ایسی احتیاط کی جائے جو غیر ضروری ہو
8	آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا	H — جب کوئی اپنی شامت اعمال سے دور نہ ہو
9	انگلی پکڑتے پکڑتے پہنچا پکڑا	I — نیک کام کے لیے مشورہ کی کیا ضرورت
10	دس اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر قہر	J — ایک مصیبت سے چھٹکارا ملا تو دوسری مصیبت میں پھنس جانا


(۱۱۹) جس کا ہے اس کو دو

مقصد: کہاوتیں اور ان کے معنوں کی پہچان


ھدایت: دائرہ نمبر 1 کے پھول کی پنکھڑیوں میں کہاوتیں دی گئی ہیں اور دائرہ نمبر 2 کے پھول کی پنکھڑیوں میں کہاوتوں کے معنی کہاوتوں اور ان کے معنوں کے جوڑے الگ الگ سے لکھئے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 3 منٹ **نمبر:** 6

دائرہ نمبر 1



دائرہ نمبر 2



کہاوتیں	معنی
1	1
2	2
3	3
4	4
5	5
6	6


(۱۲۰) کہاوتوں کی پہاڑی

مقصد: کہاوتیں بنانا

ہدایت: جدول سے موزوں لفظ چن کر کہاوت کی پہاڑی بناتے جائیے۔ ایک سیڑھی ایک کہاوت مکمل ہونے پر چڑھی جائے گی۔ دو کھلاڑی باری باری پہاڑی چڑھیں گے اور اگر ایک کھلاڑی سیڑھی نہیں چڑھ پاتا ہے تو دوسرے کھلاڑی کو پہلے کھلاڑی کی سیڑھی چڑھنے کے دوگنے نمبر ملیں گے۔ کچھ لفظ جدول سے بار بار بھی لیے جاسکتے ہیں۔

کھلاڑی: 2 **وقت:** ایک کہاوت کے لیے 2 منٹ **نمبر:** ایک کہاوت کے لیے 2

کھائی	کیا	کھودا	میں	اٹکا	اندھا	دھوپ	ڈاڑھی	آسمان
چور	ایک	سے	بجتی	رات	چار	پھر	پیچھے	کوتوال
دو	الٹا	نکلی	چراغ	سفید	آگے	اندھیری	آنکھیں	نہیں
کو	کی	چاہے	پہاڑ	کھجور	تنکا	ڈانٹے	دن	کنواں
چوہیا	تلے	ہاتھ	گرا	بال	تالی	کیے	اندھیرا	چاندنی



(۱۲۱) آغاز ایک مگر..................

مقصد: پیراگراف میں موزوں الفاظ کا استعمال

ھدایت: نیچے دیے گئے پیراف میں خالی جگہوں کو توسین سے موزوں الفاظ لے کر پُر کیجیے۔ تمام الفاظ حرف "ش" سے ہی شروع ہوتے ہیں۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** ایک لفظ کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک لفظ کے لیے 5

............ڈھل گئی اور رات کی تاریکی ہر طرف چھاگئی، گرمیوں کے دن تھے اور چاندنی اپنے............ پر تھی۔ ستاروں کے جھرمٹ میں چاند مسکراتا ہوا چل رہا تھا جیسے کوئی دلہن اپنی سہیلیوں کے گھیرے میں............ رہی ہو۔ "دنیا کتنی خاموش ہے مگر میرا دل کتنا پر............" یونیورسٹی کیمپس کے سنسان ماحول میں اپنے فلیٹ کی بالکونی میں تنہا بیٹھے میں سوچنے لگی "زندگی بڑی عجیب ہے کبھی............ کی طرح میٹھی کبھی نیم کی طرح کڑوی۔ مگر نیم کی کڑواہٹ بھی تو صحت کے لیے مفید بتائی جاتی ہے۔ اور پھر یہ کڑواہٹ نہ ہوتی زندگی صرف میٹھی............ ہوتی تو انسان اس یکسانیت سے اوب نہ جاتا؟"۔

(شام شہنائی شباب شمیم شاہ شرما شور شاد شہد شکر شلغم)

(۱۲۲) آغاز "ر" "ر" "ر" سے

مقصد: پیراگراف میں متبادل الفاظ کا استعمال

ھدایت: دیئے گئے پیراگراف میں خط کشیدہ الفاظ کو ہم معنی الفاظ سے بدلیے مگر تمام الفاظ حرف "ر" سے ہی شروع ہوں۔

کھلاڑی: ۱ **وقت:** ایک لفظ کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک لفظ کے لیے 5

میں ایک آرٹسٹ ہوں لہٰذا نہایت حساس، ایک دن میں نے ایک بوڑھے فقیر کو ایک سڑک کے کنارے سردی کی شدت سے کانپتے ہوئے دیکھا اور سوچا دن میں یہ حال ہے تو اس موسم میں اس آدمی کی شب کیسے بسر ہوتی ہوگی۔ میں نے اپنا سوئیٹر اتارا اور اس کو دے دیا۔ مگر اس نے وہ سوئیٹر لوٹا دیا اور کچھ وجہ بھی نہیں بتائی۔ آخر اس کی اس حرکت کا بھید کیا ہے؟ کیا اس کو میرا اس پر ترس کھانا پسند نہ آیا؟ میں مغموم سا لوٹ آیا اور اگلے دن میں نے اس خوددار بوڑھے کی تصویر بنائی تو کچھ اطمینان نصیب ہوا۔

(۱۲۳) بات ایک ہی انداز الگ

مقصد: پیراگراف میں موزوں الفاظ کی پہچان

ھدایت: نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے موزوں الفاظ کا انتخاب کیجیے اور پیراگراف میں خط کشیدہ الفاظ کی جگہ استعمال کر کے اقتباس دوبارہ لکھیے۔

کھلاڑی: 1　　**وقت:** 10　　**نمبر:** ایک لفظ کے صحیح استعمال کے لیے 1

الفاظ:

دراصل	زیادہ سے زیادہ	طلبا	سب
مطالعہ	دان	معمولی	کامیاب
اچھی طرح	پہلے	اونچے	خود

پیراگراف

بہت سی کتابیں پڑھ کر امتحان دیا جا سکتا ہے اور یہ موقع کی بات ہو سکتی ہے کہ ایک ادنی بچہ خوب محنت کر کے امتحان اول درجے میں پاس کر لے۔ لیکن ہم ایسے بچوں کو ذہین نہیں کہہ سکتے، ذہین بچہ حقیقت میں وہ ہوتا ہے جو شروع سے ہی محنت کرتا ہے اور تمام باتوں کو سمجھتا ہے۔ وہ اول درجے میں پاس ہونے کے لیے ہی محنت نہیں کرتا بلکہ اپنے آپ میں ایک صلاحیت بھی پیدا کرتا ہے اس کی یہی صلاحیت اور کامیابی ایک روز اسے اتنے بلند مقام پر پہنچاتی ہے کہ وہ دنیا میں اپنا نام روشن کرتا ہے اور دنیا بھی اس سے فیض یاب ہوتی ہے۔

(۱۲۴) نثری پہیلیاں...... بوجھئے

مقصد: جملے یا پیراگراف میں چھپے بھید کھولنا

ھدایت: نیچے دیئے گئے جملوں میں چھپی پہیلیاں بوجھئے۔

کھلاڑی: 2 وقت: ایک جملے کے لیے 2 منٹ نمبر: ایک جواب کے لیے 2

1 وہ کون سے دو حروف ہیں جو "کم" کے ساتھ جوڑے جائیں تو اور بھی کم ہو جاتا ہے؟

2 وہ کون سا لفظ ہے جسے ہر آدمی غلط پڑھتا ہے؟

3 انڈا کہاں مرغی سے پہلے آتا ہے؟

4 آپ لکڑی کو کب کھا سکتے ہیں؟

5 آسمان پر تم کو پہلے کیا نظر آتا ہے؟

6 بغیر نقطے کا جملہ کیا ہوتا ہے؟

7 وہ کیا چیزیں ہیں جو دن میں دو ہو جاتی ہیں اور رات میں تین؟

8 صادق کا "صا" ہٹادو تو کیا بچے گا؟

9 نمک میں کیا ملائیں کہ نمکین بن جائے؟

10 دن کہاں ہمیشہ رات سے پہلے آتا ہے؟

11 دو کو "دوگنا" کیسے کرو گے؟

12 بندر کو اندر کیسے کیا جا سکتا ہے؟

13 100 اور 100 میں کیا ملادیں تو سواسو بن جائے؟

14 وہ کونسا حرف ہے جس کا الٹا اگر مل جائے تو وہ دولت مند بن جائے؟

15 ہندوستان کا وہ کون سا مشہور شہر ہے جس کے آخری نصف حصے کو نکال دیا جائے تو وہ جلا دے؟

16 وہ کون سا لفظ ہے جس کے "راستے" کو اڑا دیا جائے تو "شاہ" رہ جائے؟

17 وہ کون سا حرف ہے جس سے پہلے "اس" لگائیں تو ایک مشہور مذہب بن جائے؟

18 چاند کے ساتھ مہینہ رہتا ہے یا سال؟

19 بیماری قبر تک کب لے جاتی ہے؟

20 ہمارا قومی پرندہ کس مشہور ملک تک پہنچ سکتا ہے؟

(۱۲۵) انداز اپنا اپنا

مقصد: مختلف انداز سے جواب دینے کی کوشش

ھدایت: یہ ایک اجتماعی کھیل ہے، ایک کھلاڑی ایک سوال پوچھے گا، باری باری سے ہر کھلاڑی کو اس کا الگ الگ طریقے سے جواب دینا ہوگا۔ آخر میں سوال کرنے والے کھلاڑی کو بھی ایک مختلف جواب دینا ہوگا پھر سوال کرنے کی باری دوسرے کھلاڑی کی ہوگی۔ اسی طرح ہر کھلاڑی کو سوال کرنے کا موقع ملے گا۔ اگر کوئی کھلاڑی جواب نہ دے سکے تو وہ کھیل سے خارج ہوگا۔

وقت: ایک جواب کے لیے 3 سیکنڈ **نمبر:** ایک جواب کے لیے 1

مثال : زاہد صاحب ہیں کیا؟

جوابات: (۱) ہیں (۲) نہیں ہیں (۳) مجھے نہیں معلوم (۴) میں دیکھتا ہوں
(۵) ہو سکتے ہیں (۶) ہونا چاہئے (۷) وہ سامنے کھڑے ہیں
(۸) تھوڑی دیر میں آنے والے ہیں (۹) بہت دن ہوئے یہاں سے چلے گئے
(۱۰) اب یہاں نہیں رہتے ہیں (۱۱) منگل کو ملیں گے (۱۲) میسور گئے ہیں وغیرہ

چند سوالات


1 کیا اخبار آگیا؟
2 کیا پانی آرہا ہے؟
3 کوڑا کرکٹ یہاں کس نے ڈالا؟
4 کیا آلو بخارا ملے گا؟
5 بلب کس نے روشن کیا؟
6 نظیر کیسا آدمی ہے؟
7 پڑھائی کیسی چل رہی ہے؟

(۱۲۶) کیا ہوا کہاں ہوا

مقصد: اخبار کی زبان کی مشق

ہدایت: ایک خبر اخبار سے نکل کر نیچے گلیوں میں بھٹک گئی ہے۔ اس خبر کی تفصیل تلاش کر کے بتائیے کہ کہاں کیا ہوا۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 5 منٹ **نمبر:** 5



(۱۲۷) سہیلیوں کی باتیں

مقصد: خفیہ گفتگو کو سمجھنا

ھدایت: چند لڑکیاں آپس میں باتیں کر رہی ہیں۔ ایک اور لڑکی آئی اور اپنی سہیلی سے ایک مخصوص زبان میں گفتگو کرنے لگی۔ دوسری ساری لڑکیاں ان دونوں کو ٹکر ٹکر دیکھ رہی ہیں۔ ان کی گفتگو میں ایک غیر ضروری حرف کی تکرار ہے اس حرف کو نکال کر ان کی گفتگو کو سمجھئے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 5 منٹ **نمبر:** 10

گفتگو

ایک لڑکی: "رفشیدفه! شفام کفو مفیر رفے گھفر آفانفا"

دوسری لڑکی: "وفو کیفوں نفجمفه؟"

"وفونفوں مفل کفر زبیفدفه کفے گھفر جفائیفیں گفے"

"کفس لیفے؟"

"افس کفے چھفوٹفے بھفائفی کفی سفالگفرفه ہفے"

"افچھفا......یفے ربفات ہفے"

"افورسفاتھ مفیں دعفوفت بھفی رفکھفی ہفے"

"افچھفا...... مفیں آفاوفوں گفی"

"مفگفر ذفرا جفلد افانفا۔ افس کفے بھفائفی

کفے لیفے نفحفه بھفی تفو لفے نفابفے"

"افچھفا، جفلد ہفی افاوفوں گفی"

(۱۲۸) ننھا جاسوس

مقصد: خفیہ عبارت کو پڑھنا

دشمن ملک نے اپنے ایجنٹ کو ایک پیغام بھیجا تھا۔ اتفاق سے وہ چند بچوں کے ہاتھ لگ گیا۔ ایک لڑکے نے اس خفیہ عبارت کو سمجھ لیا اور پولیس تک اطلاع پہنچا دی پولیس نے مجرموں کو پکڑ لیا اور دشمنوں کا پروگرام ناکام بنا دیا۔ کیا آپ بھی اس ننھے جاسوس کی طرح اس خفیہ عبارت اور اس کے پیغام کو سمجھ سکتے ہیں۔

کھلاڑی:1 **وقت:10 منٹ** **نمبر: 10**

خفیہ عبارت

"مکل مسام مقلعے مکے مکھنڈرات ممیں مآنا +زانی زحل زے زروازے زر زنتظار زرنا +امارا ادمی اہاں اُہنچ ائے گا +یوہ یتمہیں یلے یجائے گا +چلپ چلاپ چللے جلانا+سوہاں ستمہیں سمال سمل سجائے گا+ہمبارے اشبارے کبے مبنتظر ربہنا+اٹائم اپراکام اکر اجانا+تہمھاری فہلائٹ تہیار رہے گی .... ہکمارے آکدمی تکمہیں لکے جکائیں کگے +رال ردی ربسٹ"

(۱۲۹) نانی کی الجھن

مقصد: عبارت میں حروف کی شناخت

ہدایت: شریر نواسے نے نانی کو یہ عبارت لکھ بھیجی ہے، جسے وہ پڑھ نہیں پا رہی ہیں۔ آپ ذرا ان کی مدد کیجیے۔ عبارت کو اس قابل بنائیے کہ وہ اسے پڑھ سکیں۔

کھلاڑی:1 **وقت:**3منٹ **نمبر:**6

عبارت

"ایک دن سارے بچے مک مک مالے کے لیے حسدر لور کے باعات گیے باع کیا تھے اچھا حاصا جنگل تھا وہاں بھانت بھانت کے حانور، قسم قسم کے پرندے اپنی اپنی بولیاں بول رہے تھے۔ رنگارنگ بھول کھلے تھے حاروں طرف بھنی بھنی حوشبو پھیلی ہوئی تھی دال دال میں بھل جھول رہے تھے درخت ایسے گھنے کہ سورح کی روسنی سوں سے گرر کر نیچے لمبے لمبے بھندی اور سر ہو گی بھی سارے جنگل میں ایک عجیب سی ٹھندک پھیلی ہوئی تھی"۔

آپ بھی اس طرح کی کوئی اور عبارت لکھیے اور اپنے دوست کو پڑھنے کے لیے دیجیے۔

(۱۳۰) پہچانیے

مقصد: نثری جملوں اور مصرعوں میں امتیاز کرنا

ھدایت: نیچے کچھ مصرعے اور کچھ نثری جملے دیئے گئے ہیں ان کو پہچان کر خالی خانوں میں رکھنا ہے یہ کھیل دو یا دو سے زیادہ کھلاڑی کھیل سکتے ہیں جو کھلاڑی دس منٹ میں خانے بھر لے گا اسے دس نمبر ملیں گے۔

1 چوٹ کھا کر مسکرانا چاہیے

2 جو دیا اے خدا دیا تو نے

3 ہر وقت خدا کو یاد کرو

4 یہ زمانہ کس قدر مکار ہے

5 ذہن تجربوں سے روشنی قبول کرتا ہے

6 محنتی لوگ سدا خوش رہتے ہیں

7 موت سچائی فسانہ زندگی

8 پھول بالوں میں سج کر بھلے لگتے ہیں

9 کھلونے دے کر بہلایا گیا ہوں

10 صبر کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے

	نثری جملے		مصرعے
1		1	
2		2	
3		3	
4		4	
5		5	

(۱۳۱) بچھڑے یار ملادے

مقصد: صحیح شعر کی پہچان

ہدایت: (الف) کے تحت کچھ مصرعے دیئے گئے ہیں (ب) کے تحت ان کے ثانی مصرعے، ان مصرعوں کو موزوں مصرعوں کے ساتھ جوڑ کر اشعار بنایئے۔


الف	ب
1 ہم نے مانا کہ کچھ نہیں غالب	1 آخر اس درد کی دوا کیا ہے
2 دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے	2 کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے
3 جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود	3 یاالٰہی یہ ماجرا کیا ہے
4 ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار	4 پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے
5 میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں	5 مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

(۱۳۲) مصرعوں کے گھروندے


مقصد: مصرعے کی پہچان

ہدایت: ان گھروندوں کے اندرونی کمروں میں ایک ایک لفظ ہے۔ داخلی دراوزوں سے حرفوں کو جوڑتے ہوئے اس لفظ تک پہنچئے اور ایک ایک مصرعہ بنائیے۔

کھلاڑی:2 **وقت:**ایک گھروندے کے لیے 2منٹ **نمبر:**ایک گھروندوں کے لیے2



1



2

(۱۳۳) موزوں مصرعہ

مقصد: موزوں مصرعہ چن کر اشعار مکمل کرنا

ھدایت: ذیل میں مختلف نظموں کے چار چار مصرعے دیئے گئے ہیں۔ ان چار مصرعوں میں سے کوئی ایک مصرعہ غائب ہے۔ جدول میں دیئے ہوئے مصرعوں میں سے صحیح مصرعہ تلاش کر کے اشعار مکمل کیجیے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** ہر ایک مصرعے پر 2 منٹ **نمبر:** ہر ایک مصرعے پر 5 نمبر

الف

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے
یہ عقل اور یہ سمجھ یہ شعور کیا کہنا

ب

میں سوئی جو اک شب تو دیکھا یہ خواب
یہ دیکھا کہ میں جا رہی ہوں کہیں
اندھیرا ہے اور راہ ملتی نہیں

ج

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی

د

پروانے کو تپش دی جگنو کو روشنی دی
رنگیں نوا بنایا مرغان بے زباں کو
گل کو زباں دے کر تعلیم خاموشی دی

1	یہ چیز جو ہے ذرا سی غرور کیوں کرنا	5	ذرا سی چیز ہے اس پر غرور کیا کہنا
2	اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا	6	مرے دل میں ہونے لگا اضطراب
3	آنا اور جانا سب کا ہے اس طرح سے	7	ہر چیز کو جہاں میں قدرت نے دلبری دی
4	بڑھا اور جس سے مرا اضطراب	8	ہم کو بھی دلبری دی تم کو بھی دلبری دی

(۱۳۴) ساتھی سے ملایئے

مقصد: شعر کی پہچان

ھدایت: (الف) کے مصرعوں کو (ب) کے مصرعوں سے مناسب جوڑ لگایئے اس طرح کہ شعر صحیح اور مکمل ہو جائے دو کھلاڑی باری باری یہ کھیل کھیل سکتے ہیں۔

کوئی کھلاڑی ایک منٹ میں صحیح شعر بنا نہ پائے تو اسے کوئی نمبر نہیں ملے گا۔ دوسرا کھلاڑی اپنی باری کے شعر کے علاوہ دوسرے کھلاڑی کی باری کا شعر بھی پورا کر دے تو اپنے شعر کے دو نمبر کے علاوہ اسے بونس کے طور پر مزید ایک نمبر ملے گا۔


	(الف)		(ب)
1	تھی جہاں اپنی شناسائی بہت	1	آدمی ہوں میں مگر بکھرا ہوا
2	سی لیے ہیں لب ہمیں نے ہار کے	2	سب کی عادت تھی مگر ڈاکہ زنی
3	کامیابی کے دروازے کھلنے لگے	3	اس کا چہرہ بھی اترا رہا دیر تک
4	ہر کوئی لگتا ہے یہ کہتا ہوا	4	ہم وہاں بھی اجنبی بن کر چلے
5	کر کے ہم پر ستم وہ نہ خوش ہو سکا	5	جب کبھی ہم کہیں مسکراتے گئے
6	راہبر ملتے رہے ہر موڑ پر	6	کیسے شکوے آپ سے کیسے گلے

(۱۳۵) آخری کڑی

مقصد: موزوں الفاظ کے استعمال سے اشعار مکمل کرنا

ہدایت: ذیل میں دیئے گئے اشعار کے گہنوں میں آخری لفظوں کے رتن غائب ہیں۔ جدول میں دیئے گئے لفظوں کے رتن میں سے صحیح رتن چن کر گہنوں میں پہنچایئے۔

کھلاڑی:1　　**وقت:**ایک شعر کے لیے 1 منٹ　　**نمبر:**ایک شعر کے لیے 2



جاگنے والو	کیا ہے	نہیں جاتی	اضطراب	نہیں آتی	کیوں ہے
مضطرب		سی ہے		کس کا	اضطراب
جاتا رہا	مفلس کا	کھوتی ہے	آتا رہا	والو	بھی ہے

(۱۳۶) گہنے کے رتن

مقصد: موزوں الفاظ کے استعمال سے اشعار مکمل کرنا

هدایت: ذیل میں دیئے گئے اشعار کے گہنوں میں درمیان کے لفظوں کے رتن غائب ہیں۔ جدول میں دیئے گئے لفظوں کے رتن میں سے صحیح رتن چن کر گہنوں میں پہنچایئے۔

کھلاڑی:1 **وقت:** ایک شعر کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک شعر کے لیے 2




راستہ	چلے جائیں	رہگور
بال و پر	حال دل	تنہا
مرجائیں		


(۱۳۷) غائب لڑی


مقصد: شعر کو مکمل کرنا


ھدایت: اشعار کے گہنوں میں مصرعوں کی کچھ لڑیاں غائب ہیں۔ جدول میں دیئے ہوئے مصرعوں کی لڑیوں میں سے صحیح لڑیاں چن کر گہنے بنائیے۔


کھلاڑی: 1 **وقت:** ایک مصرعے کے لیے 1 منٹ **نمبر:** ایک مصرعے کے لیے 2


1


2


3


4


5

1 ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال
2 خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
3 کتنی مغرور ہے وہ دوشیزہ
4 یاد ماضی عذاب ہے یارب
5 عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

(۱۳۸) شعری زنجیر

مقصد: ہدایت کے مطابق شعر کے دیئے گئے لفظ سے دوسرا شعر سنانا

ھدایت: دو یا دو سے زیادہ کھلاڑی اس میں حصہ لے سکتے ہیں۔ پہلے کوئی کھلاڑی ایک شعر سنائے گا اور اس شعر سے کوئی لفظ دوسرے کھلاڑی کو دے گا۔ دوسرا کھلاڑی اس لفظ سے شروع ہونے والا کوئی شعر سنائے گا جس پر اسے پانچ نمبر ملیں گے۔ اگر وہ کھلاڑی دو منٹ میں مطلوبہ شعر نہیں سنا پائے گا تو دوسرا کھلاڑی وہ شعر سنا سکتا ہے۔

مثال:

پہلا کھلاڑی:

قفس اداس ہے یار و صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہر خدا آج ذکر یار چلے

لفظ صبا

دوسرا کھلاڑی:

صبا پھر لے کے آئی ہے پیام جشن آزادی
ہے گل زارِ وطن میں اہتمام جشن آزادی

(۱۳۹) رشتے داروں کا ملاپ

مقصد: اشعار پڑھ کر دیئے گئے موضوع سے متعلق الفاظ اکٹھا کرنا۔

ھدایت: مختلف عنوانوں کے تحت دو دو شعروں کی سات جوڑیاں دی گئی ہیں۔ مثال کے مطابق ہر کھلاڑی یا ٹیم اشعار کے عنوان سے معنوی نسبت رکھنے والے چار الفاظ کی نشاندہی کرے۔ اپنی اپنی باری کے اشعار میں الفاظ کی نشاندہی کے بعد ساتویں یعنی زائد جوڑی میں سب سے پہلے جو ٹیم مناسب الفاظ کی نشاندہی کرے گی اسے بونس کے آٹھ نمبر بھی ملیں گے۔

کھلاڑی: 2 یا 2 سے زیادہ **وقت:** ایک موضوع کے لیے 3 منٹ **نمبر:** ایک لفظ کے لیے 1

مثال:

عنوان.........بیماری

شعر: الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

شعر میں بیماری سے نسبت رکھنے والے الفاظ

تدبیریں، دوا دل کام تمام کرنا بیماری

باغ کی مناسبت سے

۱　پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

۲　نہ گل ہیں نہ بوٹے نہ غنچے نہ پتے
ہوئے باغ نذرِ خزاں کیسے کیسے

برسات کی مناسبت سے

۱　گرجتے ہیں بادل چمکتی ہے برق
ہوا صحن کا صحن پانی میں غرق

۲　بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے
موسم کے ہاتھ بھیگ کے سفاک ہو گئے

سمندر کی مناسبت سے

۱　اے موجِ بلا کچھ ان کو بھی دو چار تھپیڑے ہلکے سے
کچھ لوگ ابھی تک ساحل سے طوفاں کا نظارہ کرتے ہیں

۲　موجِ طوفاں پھینک دے گی اس کو ساحل کی طرف
یار اب کشتی مری خود ناخدا ہو جائے گی

مکان کی مناسبت سے

۱　بے در و دیوار سا اک گھر بنانا چاہیے
کوئی ہم سایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو

۲　دیوار کیا گری مرے کچے مکان کی
لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنا لیے

مذہبی واقعات کی مناسبت سے

۱ موسیٰؑ کو تیرے حکم سے دریا نے راہ دی
فرعون کو تو نے غرق کیا رودِ نیل میں

۲ قتل حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

سفر کی مناسبت سے

۱ اور دم لے لو گھنی چھاؤں سے اٹھنے والو
ہم بھی چلتے ہیں ذرا خشک پسینہ ہو جائے

۲ میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

شمع کی مناسبت سے

۱ ایک وہ شمع نہ ہوگی جو بجھے جل جل کر
شام بھی ہوگی زمانے میں سحر بھی ہوگی

۲ رات بھر شمع اندھیرے سے الجھتی ہی رہی
صبح دم ڈھیر ہوئی اور اجالا پھیلا

(۱۴۰) کام چور بن گیا محنتی

مقصد: موزوں الفاظ کے استعمال سے نظم مکمل کرنا

ہدایت: نیچے دی ہوئی نظم کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیا ہوا لڑکے کا گانا نظم کی مدد سے مکمل کیجیے۔

کھلاڑی: 1 **وقت:** 15 منٹ **نمبر:** ایک لفظ کے لیے 1

ایک لڑکا کہ تھا شریر بہت
کام کرنے سے جی چراتا تھا
کھیل میں وقت کو گنواتا تھا
سارے ساتھی الگ ہوئے اس سے
دوست کوئی نہیں رہا اس کا
ساتھ جس کے وہ کھیلتا دو پل
ایک چیونٹی سے اس نے یہ پوچھا
ساتھ کھیلو گی میرے تم بولو
بولی چیونٹی نہیں نہیں بابا
مجھ کو دانے اکٹھے کرنے ہیں
تا کہ برسات میں ملے کھانا

شہد کی مکھیوں سے یہ پوچھا
ساتھ کھیلو گی میرے تم سکھیو؟
مکھیاں گنگنا کے یوں بولیں
کھیلنے کو ذرا بھی وقت نہیں
شاخ در شاخ ہم بھٹکتی ہیں
پھول پتوں سے شہد چنتی ہیں
ایک بلی سے جا کے بولا وہ
ساتھ کھیلو گی میرے تم بولو
بولی بلی نہیں نہیں بابا
کام مجھ کو بہت سے کرنے ہیں
چوہے، مالک کے گھر پکڑنے ہیں
جا کے بولا یہ لڑکا کتے سے
بولا تم ساتھ میرے کھیلو گے؟
کتا بولا نہیں نہیں بابا
کام کرنا ہے اب مجھے اپنا
اپنے مالک کا دم میں بھرتا ہوں
دیکھ بھال اس کے گھر کی کرتا ہوں
پھر وہ بچھڑے کے پاس جا پہنچا
ساتھ کھیلو گے تم میرے یارا
بچھڑا بولا نہیں نہیں بابا
مجھ کو مما کے ساتھ چلنا ہے

پیٹ بھرنے کو گھاس چرنا ہے
ایک بگلے کے پاس وہ بھاگا
ساتھ میرے تو چل کے کھیل ذرا
بگلا بولا نہیں نہیں بابا
آج مجھ کو نہیں ذرا مہلت
کھیل کی ہے بھلا کسے فرصت
شام آنے لگی ہے اب سر پر
مچھلیاں لے کے جانا ہے گھر پر
کام میں گر نہیں کروں گا اب
کھاؤں گا کیا میں کھائیں گے کیا سب
بات بگلے کی سن کے وہ لڑکا
سوچ میں پڑ گیا کہ کیا ہوگا
تھک گیا سب سے التجا کرکے
بات آئی سمجھ میں جب اس کے
ساتھ اس کے کوئی نہیں آیا
کام ہر اک کو اپنا پیارا تھا
اس نے پھر ایک بار یہ سوچا
ایک بے کام میں ہوں کیوں پھرتا
مجھ کو بھی کامیاب ہونا ہے
مجھ کو بھی کامیاب ہونا ہے
(لڑکا پھر یہ گانے لگا)

.... دانے اکٹھے کرتی ہے
بلی .... کا پیچھا کرتی ہے
.... کی مکھیاں بھنکتی ہیں
بچھڑا بھی جا کے .... چرتا ہے
کام .... بھی بہت کرتا ہے
.... اپنے گھر کی کرتا ہے
کھیلنے کی نہیں اسے ....
کتنا مصروف ہے وہ .... بھی
کام اول ہے پہلے .... کروں
پڑھ کے سارے جہاں میں نام کروں
مجھ کو اسکول روز جانا ہے
.... ہے کام کرنا ہے
چلو بچو چلو اسکول چلیں
کام سب کر رہے ہیں ہم بھی کریں

(۱۴۱) کون ہوں میں ؟

مقصد: ہجوں کے اشارے پاکر آٹھ اشعار میں چھپے بھید کھولنا

ہدایت: نیچے دیئے گئے اشعار میں چھپی پہیلیاں بوجھیے

کھلاڑی:1 **وقت:** ایک پہیلی کے لیے 2منٹ **نمبر:** ایک جواب کے لیے2

1 پہلا آدھا کھٹ میں
باقی آدھا مل میں
کر دیتا ہوں نیند حرام
خون چوسنا میرا کام

بتاؤ کون ہوں میں ؟

2 آغاز میں میرے "م" ہے لیکن موتی نہیں ہوں میں
بیچ میں میرے "و" ہے لیکن مولی نہیں ہوں میں
آخر میں میرے "ر" ہے لیکن گاجر نہیں ہوں میں

بتاؤ کون ہوں میں ؟

3 آغاز میں میرے "قاف" ہے لیکن قمر نہیں ہوں میں
بیچ میں میرے "لام" ہے لیکن علم نہیں ہوں میں
آخر میں میرے "میم" ہے لیکن آدم نہیں ہوں میں

بتاؤ کون ہوں میں ؟

4 آغاز میں میرے "ہ" ہے لیکن ہاتھ نہیں ہوں میں
"ہ" کے بعد "الف" ہے لیکن ہاکی نہیں ہوں میں
آخر میں میرے "ی" ہے لیکن مالی نہیں ہوں میں
"ی" سے پہلے "تھ" ہے لیکن ساتھی نہیں ہوں میں
بتاؤ کون ہوں میں؟

5 آغاز میں میرے "ت" ہے لیکن توپ نہیں ہوں میں
"ت" کے بعد "و" ہے مگر توڑا نہیں ہوں میں
"و" کے بعد "ت" ہے مگر موتی نہیں ہوں میں
آخر میں میرے "الف" ہے مگر کتا نہیں ہوں میں
بتاؤ کون ہوں میں؟

6 پانی میں نہ پاؤ تو بارش میں نظر آؤں
مندر میں نہ پاؤ تو مسجد میں نظر آؤں میں
دن بھر نہ ہوں لیکن رات میں نظر آؤں میں
بتاؤ کون ہوں میں؟

7 آغاز میں میرے "بھ" ہے لیکن بھینس نہیں ہوں میں
"بھ" کے بعد "الف" ہے لیکن بھالا نہیں ہوں میں
آخر میں میرے "و" ہے لیکن خوشبو نہیں ہوں میں
"و" سے پہلے "ل" ہے لیکن آلو نہیں ہوں میں
بتاؤ کون ہوں میں؟

8 پہلا آدھا دادا میں
باقی آدھا نانا میں

جو نہ کہلاؤں ایسا
سمجھا جاؤں بدھو جیسا

9 ہم ہیں تین تینوں میں "ن"
"ت" بنے جو دوست بن جائے جسم
"م" لگے جو آکر تو دھک دھک سی ہو
"دھ" کے ساتھ دنیا بھر کی دولت مل جائے

10 شروع میں میرے "ر" ہے ریت نہیں ہوں میں
بیچ میں میرے "ا" ہے پر راگ نہیں ہوں میں
آخر میں میرے کیا ہے بتاؤ الٹا تار ہوں میں

(۱۴۲) بوجھو تو جانیں

مقصد: اشعار میں چھپے بھید کھولنا

ھدایت: دیئے گئے اشعار میں چھپی پہیلیاں بوجھیے

یہ کھیل اجتماعی طور پر کھیلا جائے تو زیادہ لطف آسکتا ہے، وقت اور نمبروں کا فیصلہ ٹیمیں کر سکتی ہیں۔

1 گیت سنائے من بہلائے
گھر بیٹھے دنیا دکھلائے

2 میٹھا میٹھا اور رسیلا
پھل ہوں لیکن لکڑی جیسا

3 ایک جانور ایسا جس کی دم پر پیسا
سر پر ہے تاج بھی بادشاہوں جیسا

4 چومو تو وہ بات کرے
نہیں تو چپکا بیٹھا رہے

5 زباں نہیں پر بولتا ہوں
بنا کان کے سنتا ہوں

6 پر ہیں لیکن اڑ نہ پائے
بنا پاؤں کے بڑھتی جائے

7 جلوں تو سارے گھر میں پھیلے خوشبو دال اور روٹی کی
میں نہ جلوں تو جھوکا سوئے بے چارہ انسان

8 پاؤں نہیں میں چلتی ہوں
زبان نہیں ہے بولتی ہوں
میں بولوں تو بستر چھوڑیں
دیکھ کے مجھ کو کام پہ دوڑیں

9 چاندی چٹنی جلد کا پھل ہوں
سر پر ہے اک تاج
قلی ہے میری معشوقہ اک
پیٹ میں میرے دانت

10 اس ہستی کے قدموں تلے جنت ہے
کمزور سہی اس میں بڑی ہمت ہے
بچوں کا بناتی ہے وہی مستقبل
گھر گھر میں وجود اس کا پنے راحت ہے

11 رنگ بادامی شکل میں انڈے
اُبال کے ان کو کرتے ٹھنڈے
چھلکے ان کے اتارے جاتے
ڈال مسالے خوب بناتے

12 ایک سے ایک پنچھی آوے
ٹک دیکھے اور چھپ چھپ جاوے
زور ذرا دو ذہن پہ اپنے
آگ بنا اجیالا دم پہ

13 ایک ٹانگ کی کالی ہوتی
جاڑے میں وہ ہر دم روتی
گرمی میں وہ چھایا دیتی
ورشا میں وہ خود کو دھوتی

14 ہرا ابھرا ابڑا آکار
ہے ترکاری کانٹے دار
کچے میں ترکاری بنتا
پکنے پر یہ پھل کہلاتا

15 چھوٹا سا اک کمرہ ہوں
اور کھڑکی بھی رکھتا ہوں
کیا بچے کیا نانا نانی
خلقت ہے میری دیوانی
بناڈور اور بنا ہتھکڑی
سب کو جکڑے رکھتا ہوں

16 ادھر ادھر سے آؤں جاؤں
ہرے بھرے میں کانٹوں کھاؤں

17 ایسی دیکھی نار
تیس بیٹیاں بیٹے چار

18 ہری تھی من بھری تھی لاکھ موتی جڑی تھی
راجہ جی کے باغ میں دو شالہ اوڑھے کھڑی تھی

ایک تھال موتیوں سے بھرا
سب کے سر پر اوندھا دھرا
چاروں اور وہ تھالی پھرے
موتی اس سے ایک نہ گرے

20 ہر برس وہ دیس میں آئے
منہ سے منہ ملا رس پلائے
اس کی خاطر خرچے دام
آپ بتائیں اس کا نام

21 ایک ہی شکل اور ایک ہی نام
بیچ میں اس کے رہتا کام
بول نہ جائیں سنتے سنگ
ان دونوں کے بیچ سرنگ

22 ایک قلعے میں برج ہزار
برج برج میں پہرے دار
کیسا عجیب قلعہ بنایا
نہ مٹی نہ چونا لگایا

23 ایک سینگ کی ایسی گائے
جتنا دو اتنا ہی کھائے
کھاتے کھاتے گانا گائے
پیٹ نہیں اس کا بھر پائے

24 ایک پرندہ بے پاؤں پھرے
سینے پر برچھی دھرے
جو کوئی اس سے پوچھنے جائے
لاکھوں کوس کی راہ دکھائے

25 ایک چیز دمڑی کو آوے
نام اس کا پانی کو کھاوے
آپ پیے اور مجھے پلائے
اس کی صورت من کو بھاوے

26 چڑھ چوکی پر بیٹھے رانی
سر میں آگ بدن میں پانی
بار بار سر اس کا جلتا
پتہ نہ پائے کوئی اس کا

27 کیا جانوں وہ کیسا ہے
جیسا دیکھو ویسا ہے
مطلب اس کا سوجھے گا
منہ دیکھو تو بوجھے گا

28 بجلی مجھ میں جان پھونکتی
میں لوگوں کا دل بہلاتا
سارے جگ کی بات سناتا
اب بولو میں کیا کہلاتا

29 گورا تھا تو کورا تھا
کالا بن کر راج کیا
کالک کی گلکاری نے
گورے کو سر تاج کیا

30 پاؤں نہیں ہیں میرے لیکن
سر کے بل میں چلتا ہوں
کورا آنچل مل جائے تو
دل کے راز اگلتا ہوں

31 بتیس دشمنوں کے رہے درمیاں مگر
سچ بات کہتی جائے ہے بے خوف و بے خطر
محروم اس سے ہو کے جیا جو بھی آدمی
جی اس کا جانتا ہے کہ کیسے ہوئی گزر

32 بڑھتی ہے تمازت تو بدل لیتا ہے صورت
بن جاتا ہے جب بھاپ تو آجاتی ہے قوت
نام اس کا بدلتا ہے بدلتی ہے جو ہیئت
ہر حال میں انسان کو ہے اس کی ضرورت

33 جھانکے بدن میں جس کے گنے ایک ایک انگ
اس کے طریق کار پہ انساں کی عقل دنگ
یہ آدمی کے جسم کا ہر راز کھول دے
بیماری اس کو جو بھی ہو بے لاگ بول دے

34 سر پر ہرے پتوں کا گچھا
تن پر پوشاک خانے دار
اندر پیلا پیلا مغز
رس بھرا اور ذائقے دار

35 دبلی پتلی کبھی موٹی تازی
سر پر میرے مشعل چھوٹی
دکھ میں سکھ دوں میں دنیا کو
مر مٹ جاؤں بن کر موتی

36 آسمان سے باتیں کرتا
میں ہوں ایک پرندہ
نازک نازک اور خوبصورت
بالکل کٹھ پتلی جیسا

37 ایک بڑی سی ہوں چھتری
لمبی لمبی داڑھی والی
نام بتاؤ میرا بچو
اور آؤ جھولا جھولو

38 بن ہڈی کا تن میرا
جس سے لرزے من تیرا
رسی جیسے سرکوں میں
دیمک کے گھر جاؤں میں

39 نہ میں گھوڑا نہ میں گدھا
پہنوں پوشاک دھار کا
خوبصورت سا لگتا ہوں
چڑیا گھر بھی رہتا ہوں

بات سنوں اور بات سناؤں
خطرے کی بھی گھنٹی بجاؤں
ڈاکٹر کو میں جلد بلاؤں
کبھی کبھی میں غلط بھی بولوں
اور شرمندہ سر کو جھکالوں

☆☆☆

جوابات

Level II

(۱) حرف نے بدلے رنگ کتنے

(۱) ا ب ت	(۲) ح ج	(۳) س ش	(۴) د ز
(۵) س ش	(۶) ز د	(۷) ج ح	(۸) د ب
(۹) ظ ج	(۱۰) ز ج	(۱۱) د ز	

(۲) حروف کا جنگل

ہرن	گینڈا	خرگوش	شیر
بندر	چیتا	زرافہ	سانبھر
ببر	لومڑی	ریچھ	چیتل

(۳) لوگ وہی گھر مختلف

(۱) ا ن ت	(۲) ا س ت
(۳) ن د ہ	(۴) س ر ت

(۴) لیمن اسپون ریس

(الف)	ا، ا	ب، ب	ز، ز	ژ،ژ
	د، د	ک، ک	ظ، ظ	چ، چ
	ر، ر	ے، ے		
(ب)	ل، ل	ڈ، ڈ	ف، ف	ح، ح
	ج، ج	ن، ن	ش، ش	س، س
	ط، ط	پ، پ		

(۵) حرفوں کا ہیر پھیر

الف	(۱) ف ہ	(۲) ن ظ	(۳) ق ت د
	ع ص	ش ہ	ن ت ظ
	(۴) ح ف	(۵) ب ش	(۶) ب د
	ش ک	و ز	ج ہ
ب	(۱) خ د	(۲) ج ب	(۳) ت ب
	ح ر	ن ص	ت ز
	(۴) ن ز	(۵) ع م	(۶) ح ب
	ق ت	ص د	ر و

(۶) آواز دے کہاں ہے؟

(۱) بلی میاؤں (۲) کبوتر غٹرغوں (۳) گھوڑا ہنہنایا

(۴) مرغا ککڑوں کوں (۵) کوئل کوکتی (۶) چڑیوں چہچہانا

(۷) کون کیا؟

(۱) غالب ۴	(۲) باپو ۵	(۳) نیتاجی ۲	(۴) نہرو ۳
(۵) حالی ۱	(۶) آزاد ۸	(۷) ٹیگور ۷	
(۸) جھانسی کی رانی ۶			

(۸) لفظوں کا راجہ بنیے

....

(۹) آخر سے شروع

....

(۱۰) آواز ایک شکل دو

عام آم	عازی آری	حال ہال	علم الم
ارب عرب	سدا صدا	اثر عصر	ثواب صواب
نظیر نذیر	اہرام احرام	بحر بہر	ہوا حوا

(۱۱) ہم ایک ہیں

ممکنہ جوابات

(الف)

معلوم	مغموم	موہوم	مرحوم
منظوم	معدوم	مسموم	مرقوم

(ب)

اکرام	افہام	الزام	اسلام
اقدام	احترام	احتشام	اہتمام

(ج)

معتوب	مرغوب	مرطوب	مشروب
مضروب	مطلوب	مکتوب	مجذوب

(۱۲) لفظوں کا تراہا

ممکنہ جوابات

ذ....................	ذکر	مذکر	کاغذ
ض....................	ضیا	مضر	بعض
ظ....................	ظاہر	مظہر	غلیظ

(۱۳) بچھڑے ہوؤں کا ملاپ

	افکار	افطار	افواہ	افراد
افتراق....................	افلاس	افعال	افشاں	افواج
افغان....................	افریقہ	افہام	افسردہ	افسری
افتاد....................	افتتاح	افترا	افسانہ	

کھلاڑی 2..........

احمر	احادیث	احاطہ	احباب	احبار

احتجاج	احتراز	احترام		احتساب	احتشام
احتمال	احتیاج	احتیاط		احرام	احساس
احسان	احمر	احناف			

(۱۴) چت بھی میں ہوں پٹ بھی میں

ممکنہ جوابات

شاباش　　داماد　　نادان

(۱۵) گلدستے

(۱) دل　(۲) علم　(۳) قدرت　(۴) منتظر
(۵) انتقال　(۶) استعمال
(۱) گل　(۲) مہک　(۳) غنچہ　(۴) منظور
(۵) اشتہار　(۶) اصطلاحی
(۱) غم　(۲) غلط　(۳) کسرت　(۴) خوشبو
(۵) انتقام　(۶) استغفار

(۱۶) مشہور نام

(۱) میر　(۲) غالب　(۳) اقبال　(۴) فانی
(۵) جگر　(۶) فراق

(۱۷) بدلتے رنگ

(۱) انتظام	(۲) انتقال	(۳) انتخاب	(۴) انتقام
(۱) استعمال	(۲) استقبال	(۳) استقلال	(۴) استدبار
(۱) منتظر	(۲) منتقل	(۳) منتشر	(۴) منتظم

(۱۸) ہم سے پہلے کون؟

(۱) لکیر	(۲) نظیر	(۳) فقیر	(۴) منیر
(۵) بشیر	(۶) خمیر		

(۱۹) حروف کا ملاپ

(۱) بیکار	قابلیت	شیطانیت	میزبانی
(۲) ذہنیت	ہمدردی	صلاح کار	عقل مندی
(۳) اقلیت	اجنبیت	انسانیت	حیوانیت

(۲۰) دس لڑیوں کا ہار

(۱) ایکڑ	(۲) دوزخ	(۳) تینترا	(۴) چاروناچار
(۵) پنجری	(۶) چھیڑ چھاڑ	(۷) ست لڑا	(۸) اٹھوانسا
(۹) نوشہ	(۱۰) دسترخوان		

(۲۱) قیدی شہزادی

میزبانی انتظام محبوب میرا کام

(۲۲) الفاظ کا ستارا

دوات	موسم	حاسد	تمام	حمام

(۲۳) حرف حرف لفظ

تنظیم	نغمہ	صدف	مرحمت

(۲۴) انجام سے آغاز

پہلے دائرے کے الفاظ:

کمل	ملو	لوچ	وچن
چنی	نیا	یاد	ادا
دال	الو	لوچ	وچن
چنا	نائی		

دوسرے دائرے کے الفاظ:

آیا	یاد	ادا	داؤ
اور	ورم	رمز	مزہ
زہر	ہرن	رنگ	

دوسرے دائرے سے تیسرے دائرے میں:

گہرا	ہرا	رائے	ایک
کیم	کر	مرد	ردا
داد			

(۲۵) گھر کے دروازے کھولیے

ممکنہ جوابات

(۱) خانہ (۲) خانگی (۳) خاندان (۴) خانہ باغ

(۵) خانہ نشین

(۲۶) آمنے سامنے

....

(۲۷) موتیوں کے ہار

....

(۲۸) گردش گردش لفظ

....

(۲۹) ستارے کو چمکائیں

دروازہ میسوری مبتدی نادانی داستان

(۳۰) لفظوں کا ہمالہ سر کیجیے

کھلاڑی (الف)

عمر نام شرم اب

شان لہسن اگر لال

نعرہ	شکم	حاکم	صنم	اطوار

کھلاڑی (ب)

رمز	نین	خار	بھٹ	کار
سالم	مہر	نار	خمار	ذہن
رہزن	خود	انعام		

(۳۱) لفظی چوسر

ممکنہ جوابات کھلاڑی 1

چ..........	چند	چادر	چیز	چور	وغیرہ
د..........	درد	دال	دکھ	دلیش	وغیرہ
ڈ..........	ڈال	ڈول	ڈر	ڈھنگ	وغیرہ
ذ..........	ذکر	ذائقہ	ذوق	ذہین	وغیرہ
ط..........	طائر	طور	طریقہ	طبق	وغیرہ
ظ..........	ظرف	ظاہر	ظن	ظہور	وغیرہ

کھلاڑی نمبر 2

س..........	سیر	ستر	ساحل	ساز	وغیرہ
ز..........	زنجیر	زرد	زائل	زور	وغیرہ
ر..........	رات	ریت	راحت	رائے	وغیرہ
ق..........	قبر	قرض	قندیل	قینچ	وغیرہ
ح..........	حج	حالت	حوض	حرکت	وغیرہ
ب..........	بلبل	بچہ	بوجھل	بستی	وغیرہ

کھلاڑی 3

ص............	صنم	صدر	صور	صبر	وغیرہ
ض............	ضد	ضمیر	ضبط	ضمن	وغیرہ
ت............	تصویر	تن	تبرک	تار	وغیرہ
ث............	ثمر	ثابت	ثبوت	ثنا	وغیرہ
ک............	کشتی	کنجی	کائی	کرتا	وغیرہ
م............	مسجد	مندر	مہندی	محبت	وغیرہ

کھلاڑی 4

ٹ............	ٹن ٹن	ٹوٹ	ٹماٹر	ٹینس	وغیرہ
ت............	ترس	تیر	تندرستی	تیز	وغیرہ
ش............	شیر	شور	شہد	شمع	وغیرہ
ع............	عنبریں	عیش	عدد	عار	وغیرہ
غ............	غالب	غور	غیب	غار	وغیرہ
پ............	پر	پرواز	پسند	پودا	وغیرہ

(۳۲) بڑے سے چھوٹا

پہلا کھلاڑی............ (۱) مقفن (۲) مقرر (۳) مصنف (۴) مقلد
(۵) معالج (۶) خالق (۷) غافل (۸) کاذب

پہلا کھلاڑی............ (۱) رہبر (۲) محقق (۳) محافظ (۴) مصور
(۵) مہاجر (۶) کاشت کار (۷) قنوطی (۸) سائل

(۳۳) لفظوں کا اہرام

(۱) مہ (۲) مرض (۳) ماتم (۴) محتاج (۵) مداخلت

(۶) مجاہدین (۸) مدح خوانی

(۳۴) ایک کے دو

(۱) پانی، چمک	(۲) ہونٹ، کنارہ	(۳) محبت، کنواں	(۴) عینک، پانی کا سوتا
(۵) لکیر، تحریر	(۶) جال، قیمت	(۷) زمانہ، کاروبار	(۸) کندھا، کنگھا
(۹) زمانہ، قول	(۱۰) شکست، مالا	(۱۱) سانپ، چوٹ	(۱۲) کام، موٹر

(۳۵) ایک ہی خون کے

نقل، حرکت	راہ، راستہ	طفل، بچہ	مقام، جگہ
دست، ہاتھ	شب، رات	خر، گدھا	صد، سو
مفلس، غریب	وسطی، درمیانی	قلب، دل	شکست، ہار
گرداب، بھنور	شیر، دودھ	قدیم، پرانا	تلخ، کڑوا
بہشت، جنت	فتح، جیت	جنبش، حرکت	ہمشیرہ، بہن
ماہ، مہینہ	جہان، دنیا	کوہ، پہاڑ	سنگ، پتھر
دیر، مندر	صدا، آواز	مدح، تعریف	چشم، آنکھ
بحر، سمندر	گل، پھول		

(۳۶) دوست نہیں مگر سفر ایک ساتھ

تحریر، تقریر	محبت، نفرت	غافل، بیدار	فتح، شکست

جنت، جہنم	تعمیر، تخریب	بلندی، پستی	وحدت، کثرت
عرش، فرش	امیر غریب	عروج، زوال	

(۷۳) سچا جھوٹا

(۱)	گل، خار	شب روز	دن رات	سخت نرم
	نیا پرانا	جدید قدیم	مہنگا سستا	رونا ہنسنا
	محبت نفرت	خوشی غم		
(۲)	صحیح غلط	جنگ امن	کمزور طاقتور	شکست فتح
	آغاز انجام	مشہور گمنام	مشکل آسان	میٹھا کھٹا
	عارضی مستقل	قریب بعید		
(۳)	اقلیت اکثریت	زرخیز بنجر	قدرتی مصنوعی	بے قوف عقلمند
	اندھیرا اجالا	غلام آزاد	بچپن بڑھاپا	عروج زوال
	سچا جھوٹا	صبح شام		
(۴)	نقد ادھار	نیکی بدی	دکھ سکھ	نقصان فائدہ
	خزاں بہار	جنت جہنم	آسمان زمین	بھلائی برائی
	صفائی گندگی	کالا گورا		
(۵)	اپنا پرایا	دلیر بزدل	دھوپ چھاؤں	محنتی کاہل
	دوست دشمن	بسنا اجڑنا	شاہ گدا	دبلا موٹا
	ذہین کند ذہین	وفا جفا		

(۳۸) الفاظ کی مسجد

عبادت	سجدہ	دعا	اذان	موزن
امام	خطبہ	قرأت	تلاوت	نماز
نمازی	وضو	حوض	مینار	قبلہ
صف	قرآن	تکبیر	گنبد	آیت
حدیث	رکوع	تسبیح	جمعہ	فجر
ظہر	عصر	مغرب	عشا	

(۳۹) آؤ گڑیا کے ہار بنائیں

ممکنہ جوابات

(۱) پھول......	خوشبو	پنکھڑیاں	باغ	مالی	تتلی
	بھنورا	گلچیں	ہار	کلی	باغباں
(۲) بازار......	سڑک	دکان	رکشا	کپڑے	پیڑ
	رونق	پھل	شور	گاہک	دام
(۳) مدرسہ......	استاد	طالب علم	سبق	گھنٹی	کتاب
	قلم	چپراسی	بستہ	امتحان	کاغذ
(۴) جنگل......	درخت	شیر	ہاتھی	چیتے	مور
	اژدھے	ہرن	ریچھ	سناٹا	شکار

(۴۰) صحیح پتہ

(۱)	سچا	خوبصورت	ایماندار	تندرست

(۲)	دوڑنا	کھیلنا	لکھنا	دیکھنا
(۳)	جھٹ پٹ	دھوم دھام سے	اچھل کود کر	زور زور سے
(۴)	صفائی	مٹھاس	کڑواپن	مہنگائی
(۵)	بے خطر	بے خوف	بے درد	

(۴۱) ہماری دوستی

(۱) کڑوا۔ نیم (۲) شکر۔ میٹھی (۳) املی۔ کھٹی (۴) میٹھا۔ گڑ (۵) تیکھی۔ مرچ

(۶) برف۔ ٹھنڈی

(۴۲) قریبی رشتے

(۱) پھول، کلی (۲) شعر، مصرعہ (۳) انگوٹھی، نگینہ (۴) گھونسلا، تنکا (۵) مور، پر

(۶) انار، دانہ

(۴۳) کرسی اور کپ

ممکنہ جوابات

1- (۱) نفرت کی جگہ محبت (۲) بے وقوفی کی جگہ ہوشیاری

(۳) بدمزاجی کی جگہ خوش مزاجی (۴) سستی کی جگہ چستی

2- (۱) کاہلی کی جگہ محنت (۲) غفلت کی جگہ توجہ

(۳) بے صبری کی جگہ صبر (۴) ڈر کی جگہ اعتماد

(۴۴) مقدمہ

(۱) قانون (۲) گرفتار (۳) دعویٰ (۴) وکیل (۵) گواہی

(۶)دلیل	(۷)عمر قید	(۸)حوالات	(۹)جرمانہ	(۱۰)جیل
(۱۱)رہائی	(۱۲)انصاف	(۱۳)مدعی	(۱۴)مجرم	(۱۵)ضمانت
(۱۶)	عدالت	(۱۷)اقبال جرم	(۱۸)منصف	(۱۹)ملزم
(۲۰)حلف				

(۴۵)الفاظ کے کنبے

(۱)	باغ	کلی	پھول	خوشبو	رنگ
(۲)	دریا	آب	ساحل	موج	منجدھار
(۳)	قلم	دوات	کاغذ	کاپی	روشنائی
(۴)	مکان	فرش	چھت	دروازہ	روشن دان
(۵)	بادل	بارش	مینہ	پھوار	بجلی
(۶)	مے	جام	پیمانہ	ساقی	صراحی
(۷)	مشاعرہ	شاعر	شعر	داد	سامعین
(۸)	نغمہ	موسیقی	لے	تال	سر
(۹)	کھیت	کسان	کھلیان	ہل	فصل
(۱۰)	عدالت	وکیل	جج	مجرم	گواہ
(۱۱)	میدان	جنگ	سپاہی	تلوار	صف
(۱۲)	پہاڑ	چوٹی	آبشار	غار	وادی
(۱۳)	فلم	اداکارہ	اداکار	مکالمہ	گیت
(۱۴)	جسم	ناک	دل	زبان	سر
(۱۵)	آسمان	چاند	سورج	شفق	ستارے

(۱۶)	صحرا	ریت	بگولے	سراب	نخلستان
(۱۷)	مدرسہ	طالب علم	استاد	تعلیم	سبق
(۱۸)	جنگل	جھاڑی	پیڑ	جانور	پرندہ

(۴۶) ہیرے موتی چنئے

کھیل میدان:	گیند	بلا	شورشرابہ	زخم	بچے	سیٹی
	ٹیم	کھلاڑی	یونیفارم	ہجوم	تماشائی	تالیاں
مدرسہ:	بستہ	کتابیں	گھنٹی	استاد	بچے	شورشرابہ
	جماعت	بنچ	کاپی	یونیفارم	قلم	ٹن ٹن
کھیت:	کسان	اناج	ہل	پانی	بارش	ٹریکٹر
	بیل	فصل	بادل	کنواں	سینچائی	پمپ سیٹ
بازار:	دوکانیں	کپڑا	شورشرابہ	روپے پیسے	مٹھائیاں	دکاندار
	گاہک	مال واسباب	اناج	زیور	گہنے	لین دین
	ہجوم					
باغ:	کیاریاں	تتلیاں	مالی	پانی	پھول	بھنورے
	بہار	خزاں	روش	پیڑ	بارش	
برسات:	کاغذ کی کشتی	پانی	بارش	جل تھل	کیچڑ	بجلی
	بادل	جھولے	کڑکڑاہٹ	موسم	گیت	

(۴۷) آؤ فلک کو چھوئیں

آسمان امبر گگن آکاش

(۴۸) الفاظ کے دائرے

کھلاڑی نمبر 1:

بد.............. بدحواس بدمست بدرنگ بدگمان

کار.............. قلم کار گلوکار اداکار فن کار

کھلاڑی نمبر 2:

بے.............. بے نظیر بے زبان بے ساختہ بے گناہ

ناک.............. حیرتناک افسوس ناک غمناک عبرتناک

دائرہ نمبر 3:

گیر.............. دل گیر کف گیر ہمہ گیر دست گیر

(۴۹) آگے جوڑو پیچھے جوڑو

جدول نمبر 1:.............. تیرانداز اثرانداز نظرانداز دورانداز

جدول نمبر 2:.............. صاحب زادہ نواب زادہ غلام زادہ شریف زادہ

جدول نمبر 3:.............. وطن پرست حسن پرست عیش پرست آتش پرست

جدول نمبر 4:.............. غضب ناک دردناک شرم ناک المناک

جدول نمبر 5:.............. خوش گوار خوش نصیب خوش بیان خوش مزاج

جدول نمبر 6:.............. ہم شکل ہم وزن ہم راز ہم سبق

جدول نمبر 7:.............. بے شرم بے ادب بے درد بے عیب

جدول نمبر 8:.............. بدشکل بدنما بدذوق بدنیت

(۵۰) دو رخ

کھلاڑی نمبر1:........ لاجواب لادوا لامذہب

کھلاڑی نمبر2:........ لایعنی لاولد لاریب

کھلاڑی نمبر3:........ لاثانی لازوال لامکان

کھلاڑی نمبر4:........ لاحول لاشریک لاپتہ

کھلاڑی نمبر5:........ لاحاصل لاعلاج لاوارث

(۵۱) "لا" مگر "نہیں" نہیں

ممکنہ جوابات

لاگت لاش لاکھ لانبا لال لالہ

لاٹھی لاٹ لاغر لاکٹ لازم لاڈلی

لاج لائق لاحق لالچ لاڈو لاری

لاچار لالٹین لائٹ وغیرہ

(۵۲) لفظوں کے دائرے

خوش شکل بدشکل ہم شکل

خوشبو بے بو خوشبودار بدبو بدبودار

بے ذوق خوش ذوق بدذوق ہم ذوق

زبان دان خوش زبان بے زبان ہم زبان بدزبان

بے آواز خوش آواز ہم آواز

دلدار دل خوش بے دل بددل دلگیر

نمک دان	بے نمک	نمک دار

(۵۳) ایک سے زیادہ

احکام	اخبارات	امور	ابواب	رفقا
ایجادات	دلائل	حکما	کتب	اقدام
مسائل	امرا	اقوام	اعمال	اعضا

(۵۴) پھول ایک، رنگ الگ

مترادف الفاظ

(۱) مدرس، استاد	(۲) پسر، فرزند	(۳) زندگی، زیست
(۴) تیغ، شمشیر	(۵) کائنات، دنیا	(۶) تاریکی، اندھیرا
(۷) موت، رحلت	(۸) سورج، شمس	(۹) چاند، قمر
(۱۰) باغ، چمن	(۱۱) قبر، لحد	(۱۲) نشاط، خوشی

(۵۵) "بڑے" سے "چھوٹا"

کتابچہ	طبقچہ	دیگچہ	دریچہ	طاقچہ	صندوقچہ

(۵۶) آدھی شمع آدھی محفل

(۱) میزانِ اعمال	(۲) زنجیرِ جنوں	(۳) چراغِ سحری
(۴) دستِ شفا	(۵) دلِ ناداں	(۶) مارِ آستین

(۵۷) چلو سورج کی کرنوں کو نام دیں

(۱) ذاکر	(۲) عاشق	(۳) عالم	(۴) عامل	(۵) جاہل
(۶) کاتب	(۷) ساحر	(۸) عاقل	(۹) قاتل	(۱۰) حاکم

(۵۸) گھٹائیے یا بڑھائیے

ممکنہ جوابات

ظالم............	ظلم	مظلوم	مظالم	
مفعول............	فعل	فاعل	مفعول	
طلب............	طالب	مطلوب	طلبا	
معبود............	عبد	عابد	عبادت	
ذاکر............	ذکر	مذکور		
خلق............	خالق	مخلوق	خلقت	
مفتوح............	فتح	فاتح		
عاشق............	عشق	معشوق		
منظور............	نظر	ناظر	مناظر	ناظره
حفظ............	حافظ	محفوظ	محافظ	
شکر............	شکریہ	شاکر	مشکور	
منصور............	نصر	ناصر	نصور	

(۵۹) چھوٹے دوستوں سے ملاپ

(۱)	بے دل	بد دل	دل ربا	دل دار

(۲)	بے زبان	زبان دراز	زبان دان	بدزبان
(۳)	بے خود	خود نما	خوددار	
(۴)	بے نام	بدنام	نام ور	
(۵)	بے وزن	وزن دار		
(۶)	بے ضمیر			
(۷)	ناحق	حق دار		
(۸)	بے غیرت	غیرت دار		
(۹)	بے وفا	وفادار		
(۱۰)	بے گھر			

(۶۰) ......ار......بار......کار کی جھنکار

....

(۶۱) الفاظ کا چکر

کھیل (الف) دائرہ نمبر 2:

جدول الف: ساز راگ باغ صاف چاٹ جال شاخ ڈاک

جدول ب: عام طاق زاق غار شاہ ذات باڑ لاٹ

کھیل (د) دائرہ نمبر 1:

جدول الف: ڈور تول نوٹ ڈوم حوض خوش غور طوق

جدول ب: غوث ذوق چوٹ موڑ شوخ ڈول سود عوض

(۶۲) اپنا اپنا مقام

خوب ترین	خوب تر	خوب	کمترین	کمتر	کم
افضل ترین	افضل تر	افضل	بدترین	بدتر	بد

(۶۳) ہم دم کی تلاش

ایک کھلاڑی:	فرض	فرماں	فلک	دیوانہ
دوسرا کھلاڑی:	شناس	بردار	بوس	وار
ایک کھلاڑی:	راز	محنت	صحت	غریب
دوسرا کھلاڑی:	دار	کش	بخش	پرور
ایک کھلاڑی:	خود	خوش		
دوسرا کھلاڑی:	نما	حال		

(۶۴) پرایا کون؟

(۱) مکار، گلوکار　(۲) انصار، اصول　(۳) میدان، پائیدان　(۴) گلدان، سائنس دان

(۶۵) جو کھلاڑی نہیں وہ میدان سے نکل جائے

(۱) خوبانی　(۲) غدار　(۳) زبان　(۴) کمند　(۵) لاڈلا

(۶) جمال　(۷) پارسا　(۸) ناقد　(۹) ہموار　(۱۰) اتوار

(۶۶) دوست کون؟

(۱) قلم دان　(۲) شمع دان　(۳) پروانہ وار　(۴) سرپوش

(۵) گاڑی بان　　(۶) دل آزار

(۶۷) موزوں ملاپ

ممکنہ جوابات

تصویر نمبر1:	بے جا	بے فکر	بے مروت	بے حیثیت
تصویر نمبر2:	بدخو	بدکار	بدتمیز	بددماغی

(۶۸) آؤ رشتہ جوڑیں

رنج و راحت	نفع و نقصان	آمد و رفت	آب و دانہ	شام و سحر
خیر و شر	سود و زیاں			

(۶۹) کڑیاں جوڑیے

....

(۷۰) باغات کا شہر...... شہر باغات

کھلاڑی1:	دلِ ناداں	درۂ خیبر	تاریکیٔ شب	زبانِ اردو
	شمعِ محفل		بوئے گل	
کھلاڑی2:	صدائے درویش	مجموعۂ کلام	شہرِ میسور	فاتحِ ملک
	شرحِ دیوانِ غالب		رازِ حیات	

(۷۱) کئے جاؤ کوشش

....

(۷۲) دردِ دل .... دل کا درد

کھلاڑی 1:	آزادی کی تحریک	سلیمان کا تخت	غم کی شام	جنگ کی دعوت
	نجات کی راہ	دل کا حال	خدا کا ذکر	خدا کی یاد
کھلاڑی 2:	قیامت کا روز	قبر کا عذاب	مشرق کا شاعر	جگر کا زخم
	بہار کا موسم	دل کا ساز	وطن کی یاد	محشر کا شور

(۷۳) واو کا چکر

کھیل 1:	شور و غل	سوال و جواب	شاہ و گدا	آب و دانہ
	مال و متاع	روز و شب	رنج و غم	عیش و عشرت
کھیل 2:	زن و شو	حور و غلمان	بحر و بر	کیف و سرور
	جور و ستم	شعلہ و شبنم	راز و نیاز	خواب و خیال

(۷۴) اعضا سے محاورے

(۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) ناک بھوں چڑھانا (۳) زبان تیغ سے جواب دینا

(۴) پاؤں میں مہندی لگانا (۵) آنکھوں پر بٹھانا (۶) کان کھانا

(۷) انگلی دانتوں تلے دبانا (۸) ناک کٹ جانا

(۷۵) محاوروں کی دیوار

کھلاڑی 1: تالی بجانا کھلاڑی 2: غم کھانا

کھلاڑی 1: کان پک جانا
کھلاڑی 2: ہاتھ پیلے کرنا
کھلاڑی 1: خون کے گھونٹ پینا
کھلاڑی 2: آسمان سر پر اٹھانا

(۷۶) میں کہاں ہوں؟
جلتی آگ پر تیل چھڑکنا

(۷۷) محاوروں کی بھول بھلیاں
(۱) رائی کا پہاڑ بنانا (۲) زخموں پر نمک چھڑکنا
(۳) عقل پر پتھر پڑنا (۴) آگ پر لوٹنا

(۷۸) دماغی ورزش
چوہے، بلی کو دیکھ کر نو دو گیارہ ہو جاتے ہیں۔

(۷۹) گہنے جیسے محاورے
آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے حلق میں کانٹے آنکھ لگ جانا
ہاتھوں کے طوطے اڑ خاک میں مل تارے گننا
کمر کس

(۸۰) محاوروں میں جانور
(۱) سانپ (۲) شیر (۳) اونٹ (۴) گھوڑے (۵) چوہے

(۸۱) محاورں میں پرندے

(۱)طوطے (۲)الو (۲)طوطی (۴)الو (۵)چڑیا

(۸۲)پتھر سے ٹکرا

(۱)رنگ لانا (۲)آسمان ٹوٹ پڑنا (۳)ہاتھوں کے طوطے اڑ جانا (۴) قافیہ تنگ کرنا

(۵) غم غلط کرنا (۶) گھی کے چراغ جلا (۷) غم کھانا

(۸۳)کھیل کھیل میں

....

(۸۴) بلی دودھ کیسے پیے گی؟

ایک کالی بلی چھوٹے برتن سے میٹھا دودھ پیتی ہے۔

(۸۵)قلعے سے باہر لائیے

اگرچہ سفر مشکل ہے مگر منزل پر پہنچنے کے بعد خوشی ہوتی ہے۔

(۸۶)دیکھو سوچو پھر بولو

(۱) تمہارا خرچ تو آمدنی سے زیادہ ہے!

(۲) کپڑے لانے ہوں تو جاپان کے لے آؤ!

(۳) اس تالاب سے ذرا آگے ایک چشمہ بھی ہے!

(۴) میز پر پانی پڑا ہے!

(۵) اسکول جانے سے پہلے مجھے پہاڑے یاد کرنے ہیں!

(۶) تم برآمدے کی طرف جاؤ!

(۷) تاج النسا نے معمولی ساڑی باندھی ہے۔

(۸) چراغ الدین کی بیٹی شریفہ بی نے میزبانی کی فرائض انجام دیے

(۹) عادل اکیلے ہی آگرہ سے آئے ہیں!

(۱۰) ہم نے بے کار ہی زحمت کی اس نے ہماری پروانہ کی!

(۸۷) تصویر کو تحریر بنائیے

ممکنہ جوابات

(۱) بوند بوند کی قدر کیجیے۔ ایندھن بچائیے

(۲) پڑھنا لکھنا سیکھیے۔ روشنی پھیلائیے

(۳) بچت کیجیے۔ مستقبل سنواریے

(۴) پودے لگائیے۔ آلودگی دور کیجیے

(۸۸) کون کس کے لیے؟

(۱)	طلوع ہوتے ہوئے سورج کے ساتھ	1	3	6	10	13
(۲)	بچے اور اسکول کی تصویر کے ساتھ	2	5	11	12	14
(۳)	مرغی اور اس کے چوزوں کی تصویر کے ساتھ	4	7	8	9	15

(۸۹) ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں

(۱) تن (۲) عادت (۳) شگاف (۴) حیرت (۵) خوبصورتی

(۹۰) آپ کا حکم سر آنکھوں پر

....

(۹۱) جملوں کی خاص زنجیر

....

(۹۲) کہیے کہیے خوب کہیے

....

(۹۳) موتی جیسے مالا بناتے جائیے

....

(۹۴) کبھی گڈا کبھی گڑیا

....

(۹۵) میٹھے بول

ممکنہ جوابات

۱ جھیل گہری ہے
میری امی کی آنکھیں گہری ہیں
میری امی کی آنکھیں جھیل کی طرح گہری ہیں

۲ موتی چمکدار ہیں
میری سہیلی کے دانت چمکدار ہیں
میری سہیلی کے دانت موتیوں کی طرح چمکدار ہیں

۳ شہد میٹھا ہوتا ہے

۴ مکھن ملائم ہوتا ہے

بچوں کی باتیں میٹھی ہوتی ہیں
بچوں کی باتیں شہد کی طرح میٹھی ہوتی ہیں

بچوں کے ہاتھ ملائم ہوتے ہیں
بچوں کے ہاتھ مکھن کی طرح ملائم ہوتے ہیں

۵ ریشم چمکیلا ہے
میری بہن کے بال چمکیلے ہیں
میری بہن کے بال ریشم کی طرح چمکیلے ہیں

۶ گلاب سرخ ہے
میرے چھوٹے بھائی کے گال سرخ ہیں
میرے چھوٹے بھائی کے گال گلاب کی طرح سرخ ہیں

(۹۶) جملہ بازی

....

(۹۷) سکے کے دو رخ

(۱) ہار	(۲) مانگ	(۳) کل	(۴) کان	(۵) پیر
(۶) کڑی	(۷) دام	(۸) باؤلی	(۹) مار	(۱۰) باسی

(۹۸) چھپا ہوا پیغام

(۱) فلاں وقت پر مجھ سے ریلوے اسٹیشن میں ملیے

(۲) گھر سے دور گھر کی سہولتیں پانی ہوں تو ہمارے ہوٹل میں تشریف لایئے

(۹۹) باتوں باتوں میں

....

(۱۰۰) "ہیلو ہیلو............!"

ممکنہ جوابات

(۱) "میں بیمار پڑ گیا ہوں یار، بہت نقاہت ہے"

(۲) "ہاں ڈاکٹر کو دکھایا تو ہے اس نے کچھ دوا دی ہے اور آرام کرنے کی سخت ہدایت کی ہے"

(۳) "سارا مزہ کرکرا ہو گیا یار، چھٹیوں کے ہمارے پروگرام کے مطابق تم لوگ گھومنے پھرنے تو نہیں نکل جاؤ گے؟"

(۴) "ٹھیک ہے مگر ہاں ہمارے گھر میں میرے بیمار ہونے کا ذکر ہرگز نہ کرنا، ماں اور پاپا بہت پریشان ہو جائیں گے"

(۵) "اچھا" تم سب سے ملنے کے لئے بہت بے چین ہوں، اسٹیشن تو آؤ گے نا؟"

(۱۰۱) چیز کیسی ہے؟

(۱) کرشمہ، گھر، آزمایئے (۲) گدوں، کھو، سیر

(۳) لذت دار، سالن، اچار (۴) گھر، دیواروں، رنگ

(۵) روح، گرمی، طبیعت (۶) حفاظت، سانسوں، رونق

(۱۰۲) جو چاہے لے لیجئے

(۱) پنکھا (۲) رنگین ٹی وی (۳) فرج (۴) سنگھار (۵) صوفہ

(۶) بستر (۷) میزیں (۸) ویڈیو (۹) مکسی (۱۰) کولر

(۱۰۳) ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں

(۱) III (۲) IV (۳) I (۴) II

(۱۰۴) تقریر کا فن

(۱)......۳　(۲)......۴　(۳)......۵　(۴)......۱　(۵)......۲

(۱۰۵) صحیح جگہ بتائیے نمبر بڑھائیے

(۱)......۱۰　(۲)......۶　(۳)......۵　(۴)......۷　(۵)......۹

(۶)......۸　(۷)......۳　(۸)......۲　(۹)......۴　(۱۰)......۱

(۱۰۶) نام بتاؤ کہاوت پاؤ

(۱) تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا باپ روئے

(۲) ثابت نہیں کان، بالیوں کا ارمان

(۳) جو ہانڈی میں ہوگا وہی ڈوئی میں نکلے گا

(۴) خدائی خوار گدھے سوار

(۵) ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

(۱۰۷) تصویر دیکھیے لفظ سوچیے

(۱) انڈا　(۲) چاند　(۳) سانپ　(۴) ناؤ　(۵) گھر

(۶) آنکھ　(۷) جوتیوں　(۸) آم، پیڑ　(۹) پیروں، ٹوپی　(۱۰) آنکھوں، کانوں

(۱۰۸) کہاتوں میں عدد کا کھیل

....

(۱۰۹)سب میں ایک

اونٹ

(۱۱۰)اشاروں اشاروں میں

(۱)......۳	(۲)......۴	(۳)......۱	(۴)......۲	(۵)......۷
(۶)......۸	(۷)......۹	(۸)......۵	(۹)......۶	(۱۰)......۱۰

(۱۱۱)دروازے کھولتے جایئے

کھلاڑی1:
(۱)پاؤں گور، میں لٹکائے بیٹھے ہیں
(۲)پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتی
(۳)پانچوں پانڈے چھٹے نارائن
(۴)پانچوں انگلیاں تر ہیں

کھلاڑی2:
(۱) تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو
(۲)تن سکھ تو من سکھ
(۳)ایک پنتھ دو کاج
(۴)چراغ تلے اندھیرا

(۱۱۲)کہاوتوں کا دائرہ

(۲)فقیر، کملی (۳)بلی، چھیچھڑے (۴)بانس، بانسری (۵)سر، بھیجا
(۶) بکری، گھاس (۷)گھوڑا، سوار (۸)نماز، روزے

(۱۱۳) عضو سے کہاوت تک

(۱) منہ (۲) دانت (۳) آنکھ (۴) ہونٹ (۵) پیٹ

(۱۱۴) منزل

(۱) بندر کو ملی ہلدی کی گرہ پنساری بن بیٹھا

(۲) بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا

(۳) بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا

(۱۱۵) دوست بھی دشمن بھی

(۱) شام صبح (۲) رات دن (۳) جا آ (۴) آج کل (۵) آدھی ساری

(۶) پرائی اپنی (۷) جھوٹے سچے (۸) ہنستا روتا

(۱۱۶) کیا کہنا ہے کب کہنا ہے؟

....

(۱۱۷) مجھے تلاش کیجئے

عاصم مالی اعتبار سے پریشان ہے مگر دوستوں کے ساتھ خوب خرچ کرتا ہے کیونکہ جناب پرانے رئیس ٹھہرے۔ یہ تو وہ بات ہوئی کہ گھر میں نہیں دانے بی بی چلی بھنانے!

(۱۱۸) کس کی جگہ کہاں ہے؟

(۱) F..... (۲) B..... (۳) E..... (۴) G..... (۵) A.....

(۶)......I (۷)......H (۸)......J (۹)......D (۱۰)......C

(۱۱۹) جس کا ہے اس کو دو

(۱) جس کے پیسہ نہیں ہے پاس اس کو میلہ لگے اداس =
نادار آدمی کو کچھ اچھا نہیں لگتا

(۲) جس نے بھونکنا سکھایا اس کو کاٹنے کو دوڑے =
احسان فراموش آدمی کے لیے

(۳) دودھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی =
جس سے نفع ہو اس کی سختی بھی برداشت کی جاتی ہے

(۴) دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے =
بے وقوف دوست کے ہاتھوں عموماً نقصان پہنچتا ہے

(۵) سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں =
نقصان پہنچانے والے کا موذی پن ظاہر نہیں ہوتا

(۶) اندھوں میں کانا راجہ =
بے وقوفوں میں کم دماغ والا بھی عزت پاتا ہے

(۱۲۰) کہاوتوں کی پہاڑی

(۱) چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات
(۲) دھوپ میں بال سفید نہیں کیے
(۳) آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا
(۴) ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی

(۵) چور کی داڑھی میں تنکا

(۶) الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

(۷) اندھا کیا چاہے دو آنکھیں

(۸) کھودا پہاڑ نکلی چوہیا

(۹) آگے کنواں پیچھے کھائی

(۱۰) چراغ تلے اندھیرا

(۱۲۱) آغاز ایک مگر............

شام شباب شرما شور شہد شکر

(۱۲۲) آغاز "ر، ر" سے

روز راستے رات راز رحم رنجیدہ

(۱۲۳) بات ایک ہی انداز الگ

جواب

زیادہ سے زیادہ کتابوں کا مطالعہ کر کے امتحان دیا جا سکتا ہے اور یہ موقع کی بات ہو سکتی ہے کہ ایک معمولی بچہ اچھی طرح محنت کر کے امتحان پہلے درجے میں پاس کر لے۔ لیکن ہم ایسے طلباء کو ذہین نہیں کہہ سکتے۔ ذہین بچہ دراصل وہ ہوتا ہے جو شروع سے ہی محنت کرتا ہے اور سب باتوں کو سمجھتا ہے۔ وہ اول درجے میں کامیاب ہونے کے لیے ہی محنت نہیں کرتا بلکہ خود میں ایک صلاحیت بھی پیدا کرتا ہے اس کی یہی صلاحیت اور کامیابی ایک دن اسے اتنے اونچے مقام پر پہنچاتی ہے

کہ وہ دنیا میں اپنا نام روشن کرتا ہے اور دنیا بھی اس سے فیض یاب ہوتی ہے۔

(۱۲۴) نثری پہیلیاں............ بوجھئے

(۱) "ت" اور "ر" (۲) غلط (۳) لغت میں

(۴) "ل" کی جگہ "ک" لگا کر (۵) آ (۶) حملہ

(۷) حروف (۸) دق (۹) "ین"

(۱۰) لغت میں (۱۱) "گنا" لگا کر

(۱۲) بندر کے "ب" کی جگہ "الف" لگا کر (۱۳) دونوں "سو" کے درمیان "الف" لگا کر (۱۴) ل (مال)

(۱۵) آگرہ (۱۶) شاہراہ (۱۷) "ل"

(۱۸) مہینہ (ماہ) (۱۹) روگ............... گور بن کر، (۲۰) روم

(۱۲۵) انداز اپنا اپنا

....

(۱۲۶) کیا ہوا کہاں ہوا

تفصیل

خبر ملی ہے کہ ایک گاؤں میں ایک خطرناک آدم خور جانور گھس آیا اور تباہی مچادی۔ اس کی وجہ سے ہر طرف خوف اور دہشت پھیل گئی تھی۔ رات بھر لوگ جاگتے رہے۔ آخر جانور مارا گیا

خبر

نور پور، ایک تیندوا دو نوجوانوں اور ایک عورت کو زخمی کرنے پر مارا گیا۔

(۱۲۷) سہیلیوں کی باتیں

"ہر لفظ میں "ف" زائد استعمال ہوا ہے۔اس حرف کو خارج کر دیں تو گفتگو یوں ہو گی"۔

"رشیدہ! شام کو میرے گھر آنا"۔

"وہ کیوں نجمہ؟"

"دونوں مل کر زبیدہ کے گھر جائیں گے"

"کس لیے"

"اس کے چھوٹے بھائی کی سالگرہ ہے"۔

"اچھا۔یہ بات ہے"۔

"اور ساتھ میں دعوت بھی رکھی ہے"

"اچھا۔میں آؤں گی"۔

"مگر ذرا جلد آنا۔اس کے بھائی کے لیے تحفہ بھی تو لینا ہے"۔

"اچھا۔جلد ہی آؤں گی"۔

(۱۲۸) ننھا جاسوس

کل شام قلعے کے کھنڈرات میں آنا۔رانی محل کے دروازے پر انتظار کرنا۔ہمارا آدمی وہاں پہنچ جائے گا۔وہ تمھیں لے جائے گا۔چپ چاپ چلے جانا۔وہاں تمھیں مال مل جائے گا۔ہمارے اشارے کے منتظر رہنا۔ٹائم پر کام کر جانا۔تمہاری فلائٹ تیار رہے گی۔ہمارے آدمی تمھیں لے جائیں گے۔آل دی بسٹ

(۱۲۹) نانی کی الجھن

ایک دن سارے بچے پک نک منانے کے لیے چندر پور کے باغات گئے۔باغ کیا تھے اچھا خاصا جنگل تھا۔وہاں بھانت بھانت کے جانور قسم قسم کے پرندے اپنی اپنی بولیاں بول رہے تھے۔رنگا رنگ پھول کھلے تھے چاروں طرف بھینی

بھینی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ ڈال ڈال میں پھل جھول رہے تھے۔ درخت ایسے گھنے کہ سورج کی روشنی پتوں سے گزر کر نیچے پہنچتے پہنچتے ٹھنڈی اور سبزی ہو گئی تھی۔ سارے جنگل میں ایک عجیب سی ٹھنڈک پھیلی ہوئی تھی۔

(۱۳۰) پہچانیے

نثری جملے..........	3	5	6	8	10
مصرعے..........	1	2	4	7	9

(۱۳۱) بچھڑے یار ملا دے

(ا)......۵ (۲)......ا (۳)......۴ (۴)......۳ (۵)......۲

(۱۳۲) مصرعوں کے گھروندے

(ا) غلامی میں کام آتی ہیں نہ تقدیریں نہ تدبیریں

(۲) مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا

(۱۳۳) موزوں مصرعہ

(الف)......۵ (ب)......۴ (ج)......۲ (د)......۷

(۱۳۴) ساتھی سے ملائیے

الف: سی لیے ہیں لب ہمیں نے ہار کے

ب: کیسے شکوے آپ سے کیسے گلے

الف: کامیابی کے دروازے کھلنے لگے

ب: جب کبھی ہم کہیں مسکراتے گئے

الف: ہر کوئی لگتا ہے یہ کہتا ہوا

ب: آدمی ہوں میں مگر بکھرا ہوا

الف: کر کے ہم پر ستم وہ نہ خوش ہو سکا

ب: اس کا چہرہ بھی اترا رہا دیر تک

الف: راہبر ملتے رہے ہر موڑ پر

ب: سب کی عادت تھی مگر ڈاکہ زنی

(۱۳۵) آخری کڑی

(۱) اضطراب (۲) والو (۳) جاتا رہا (۴) نہیں آتی

(۵) سی ہے (۶) مفلس کا (۷) کھوتی ہے (۸) کیا ہے

(۱۳۶) گہنے کے رتن

(۱) مر جائیں (۲) حال دل (۳) بال و پر (۴) راستہ (۵) تنہا

(۱۳۷) غائب کڑی

(۱) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

(۲) ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال

ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

(۳) یاد ماضی عذاب ہے یارب

چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

(۴) خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

(۵) کتنی مغرور ہے وہ دوشیزہ
اس کا کنگن طلائی ہے شاید

(۱۳۸)شعری زنجیر

....

(۱۳۹)رشتے داروں کا ملاپ

☆ باغ کی مناسبت سے

(۱) پتا پتا، بوٹا بوٹا، گل، باغ

(۲) گل، بوٹے، غنچے، پتے، باغ، خزاں

☆ برسات کی مناسبت سے

(۱) گرجنا، بادل، برق، چمکنا، صحن، پانی

(۲) بارش، پھول، موسم، بھیگ

☆ سمندر کی مناسبت سے

(۱) موج، تھپیڑے، ساحل، طوفان

(۲) موج، طوفان، ساحل، کشتی، ناخدا

☆ مکان کی مناسبت سے

(۱) در، دیوار، گھر، ہم سایہ ہپاسباں

(۲) دیوار، گرنا، کچامکان، صحن، رستے، لوگ

☆ مذہبی واقعات

(۱) موسیٰ، تیر امر ادخدا، فرعون، رود نیل، غرق کرنا

(۲) قتل، حسین، مرگ یزید، اسلام، کربلا

☆ سفر کی مناسبت سے

(۱) دم لینا، گھنی چھانو، اٹھنے والے، چلنا، پسینہ

(۲) اکیلا، چلنا، جانب منزل، لوگ، کارواں

☆ شمع کی مناسبت سے

(۱) شمع، جلنا، بجھنا، شام، سحر

(۲) رات، شمع، اندھیرا، صبح، اجالا،

(۱۴۰) کام چور بن گیا محنتی

(۱) چیونٹی (۲) چوہوں (۳) شہد (۴) گھاس (۵) کتا

(۶) دیکھ بھال (۷) فرصت (۸) بگلا (۹) کام (۱۰) پڑھنا لکھنا

(۱۴۱) کون ہوں میں ؟

(۱) کھٹمل　(۲) مور　(۳) قلم　(۴) ہاتھی　(۵) توتا

(۶) شجر　(۷) بھالو　(۸) دانا　(۹) تن من دھن　(۱۰) رات

(۱۴۲) بوجھو تو جانیں

(۱) ٹی وی　(۲) گنا　(۳) مور　(۴) حقہ　(۵) ٹیپ ریکارڈ

(۶) مچھلی　(۷) چولہا　(۸) الارم گھڑی　(۹) انار　(۱۰) ماں

(۱۱) آلو　(۱۲) جگنو　(۱۳) چھتری　(۱۴) کٹہل　(۱۵) ٹی وی

(۱۶) آرا　(۱۷) مہینہ دن ہفتہ　(۱۸) مکئی کا بھٹا　(۱۹) آسمان　(۲۰) آم

(۲۱) کان　(۲۲) شہد کی مکھیوں کا چھتہ　(۲۳) چکی　(۲۴) قبلہ نما　(۲۵) آب خورہ

(۲۶) چراغ　(۲۷) آئینہ　(۲۸) ریڈیو　(۲۹) کاغذ　(۳۰) قلم

(۳۱) زبان　(۳۲) پانی　(۳۳) ایکس رے　(۳۴) اناناس　(۳۵) موم بت

(۳۶) پتنگ　(۳۷) برگد کا پیڑ　(۳۸) سانپ　(۳۹) زیبرا　(۴۰) ٹیلی فون

☆☆☆